نیو یارک کی اٹارنی جنرل لیٹیشیا جیمز کا دفتر

نیو یارک میں زبان کی سہولت تک رسائی

NEW YORK STATE ATTORNEY GENERAL

فہرستِ مضامین

اس گائیڈ کا طریقۂ استعمال 5

ترجمانی اور ترجمے کی خدمات تک رسائی 6

طبی نگہداشت میں زبان کی سہولت تک رسائی 11

تعلیم میں زبان کی سہولت تک رسائی 13

قانون کے نفاذ کار اداروں میں زبان کی سہولت تک رسائی 18

ووٹ ڈالنے کے عمل میں زبان کی سہولت تک رسائی 21

نیو یارک میں دستیاب تحفظات 23

وفاقی احکامات اور پالیسیاں 28

شکایات 32

حوالہ جات 38

اس اشاعت کی ASL ویڈیوز اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:

QR کوڈ

ag.ny.gov/language access

اگر آپ انگریزی زبان میں محدود مہارت کے حامل (limited English proficient, LEP) ہیں، سماعت سے محروم ہیں یا اونچا سنتے ہیں، تو آپ کے پاس ایسی خدمات اور امداد تک رسائی کا حق موجود ہے جو آپ کو نیو یارک میں اہم پروگراموں، سرگرمیوں اور اداروں تک رسائی کا اختیار دیتا ہے۔ اسے **زبان کی سہولت تک رسائی** کہا جاتا ہے۔

زبان کی سہولت تک رسائی اس امر کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ آپ سمیت ہماری ریاست کے ہر دوسرے فرد کو ہمارے معاشرے میں بھرپور شمولیت کا مساوی موقع ملے۔ یہ آپ کو اپنی نگہداشتِ صحت، آپ کے بچے کی تعلیم اور آپ نے کہاں رہنا ہے، اس بابت باخبر فیصلے کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ اور یہ امر بھی یقینی بناتا ہے کہ آپ کو اہم سرکاری خدمات تک مساوی رسائی حاصل ہو، جیسا کہ ہنگامی مدد کے لیے کال کرنا، عدالت جانا یا اپنے ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید کرنا۔

اگر آپ LEP، سماعت سے محروم یا اونچا سنتے ہیں تو بعض حالات میں آپ مواصلت کی مفت خدمات کے مستحق ہیں، بشمول:

- آپ کی مادری زبان میں زبانی تشریح
- نیو یارک میں سب سے عام بولی جانے والی زبانوں میں تحریری ترجمہ
- امریکی اشاراتی زبان (American Sign Language, ASL) میں ترجمہ

ان حقوق کو ایسے ریاستی و وفاقی قوانین کا تحفظ حاصل ہے جن کو صدارتی حکم نامے یا پالیسیاں تبدیل نہیں کر سکتیں۔

ریاست نیو یارک کا دفتر برائے اٹارنی جنرل (OAG) ان حقوق کے تحفظ اور یہ یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہے کہ آپ ریاستی و وفاقی قانون کے تحت زبان کی سہولت تک رسائی کے اپنے حقوق سے آگاہ ہوں۔

نوٹ: یہ رہنمائی جنوری 2026 تک مؤثر ہے۔ اس دستاویز میں حوالہ شدہ وفاق ضوابط اس تاریخ تک مؤثر ہیں تاہم تبدیل ہو سکتے ہیں۔



اس گائیڈ کا طریقۂ استعمال

ہم نے اس گائیڈ کو موضوع کے لحاظ سے مرتب کیا ہے، بشمول: سوالات پر کلک کر کے نیو یارک میں زبان کی سہولت تک رسائی سے متعلق اپنے حقوق کے بارے میں جانیں، بشمول:

- مختلف اقسام کی زبانوں کی سہولت تک رسائی کی خدمات کے لیے آپ کے حقوق
- وہ حالات جن میں آپ کو زبان کی سہولت تک رسائی کے مخصوص حقوق حاصل ہیں
- ریاستی و وفاقی قوانین ان حقوق کا کیسے تحفظ کرتے ہیں

قانونی ماہرین اور دیگر ایڈووکیٹس کے لیے، ہم نے حاشیے میں معاونتی قوانین و مقدمات کے حوالہ جات مہیا کیے ہیں۔

نوٹ: یہ رہنمائی جنوری 2026 تک مؤثر ہے۔ اس دستاویز میں حوالہ شدہ وفاق ضوابط اس تاریخ تک مؤثر ہیں تاہم تبدیل ہو سکتے ہیں۔

ترجمانی اور ترجمے کی خدمات تک رسائی

نیو یارک میں بول چال اور امریکی اشاراتی زبان میں ترجمے کی خدمات

ایسی بہت سی صورتِ احوال ہیں جن میں آپ کو زبانی یا امریکی اشاراتی زبان (ASL) میں ترجمے کی مفت خدمات موصول ہونی چاہیئیں۔ ذیل میں کچھ عام ترین حالات درج ہیں جن میں آپ کو یہ خدمات موصول ہونی چاہیئیں:

نگہداشتِ صحت

جب آپ ہسپتال یا ایمرجنسی روم میں مریض ہوں اور جب آپ نسخے کے ساتھ کسی فارمیسی میں وزٹ کریں۔[1]

خدماتِ عامہ

- جب آپ کسی ریاستی ایجنسی سے خدمات یا فوائد طلب کرتے ہیں، جیسا کہ ریاستی محکمہ برائے موٹر گاڑیاں (DMV)،[2] ورکرز کمپنسیشن بورڈ، یا محکمہ برائے ٹیکسیشن اینڈ فنانس۔[3]
- جب آپ ان شہروں یا کاؤنٹیز کی ایجنسیوں سے خدمات یا فوائد طلب کرتے ہیں جن کے پاس مقامی زبان کی سہولت تک رسائی کے قوانین یا ایگزیکٹیو آرڈرز موجود ہوں۔ ان میں نیو یارک شہر اور ویسٹ چیسٹر، سافک اور نساؤ کاؤنٹیز شامل ہیں۔[4]
- جب آپ کسی بڑی قدرتی آفت یا ایمرجنسی کے بعد وفاقی امداد طلب کر رہے ہوں۔[5]
- جب آپ Medicare یا Medicaid کے لیے درخواست دیں۔[6]
- جب آپ غذائی تکملاتی اعانتی پروگرام (SNAP) کے فوائد کے لیے درخواست دیں۔[7]
- جب آپ ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عارضی و معذوری میں امداد اور مقامی سماجی خدمت کے اضلاع کی جانب سے ہنگامی امداد اور عارضی امداد کی دیگر اقسام کے لیے درخواست دیتے ہیں۔ اعانت کی ان اقسام میں نقد اعانت اور عارضی رہائش، پناہ گاہیں اور یوٹیلیٹیز کے لیے ادائیگیاں شامل ہیں۔[8]

عدالتی کارروائیاں

- جب آپ ریاستی عدالت کی فوجداری یا دیوانی کارروائیوں میں فریق (مثلاً مدعی، مدعا علیه، درخواست گزار یا جواب دہندہ) یا ایک گواہ ہوں۔ [9]
- جب آپ ایک ایسے بچے کے والد/والدہ یا سرپرست ہوں جو که عائلی عدالت کی کارروائیوں میں فریق ہو۔ [10]
- جب آپ وفاقی عدالت میں دیوانی یا فوجداری کارروائیوں میں کوئی فریق یا گواہ ہوں۔ [11]
- جب آپ امیگریشن عدالت کی کسی کارروائی میں فریق ہوں۔ [12]
- جب آپ ریاستی ایجنسی کی جانب سے تنازعے کو حل کرنے کی کارروائیوں میں فریق یا گواہ ہوں، اور آپ سماعت سے محروم یا اونچا سنتے ہوں۔ [13]
  ان کارروائیوں میں فوائد اور لائسنسز کے لیے درخواستوں کے انکار اور قانون کی خلاف ورزی کے لیے سزاؤں سمیت متعدد تنازعات کو حل کیا جاتا ہے۔

نفاذ قانون

- جب آپ کی ریاست نیو یارک کی پولیس کے ایک ملازم کے ساتھ ٹیلیفون کال پر بات چیت ہو یا پیشگی طے شدہ ملاقات ہو۔ [14] ریاستی ٹروپرز کو آپ کو فیلڈ میں یا پولیس دفاتر میں براہ راست ملاقات کے دوران مفت ترجمانی کی خدمات بھی فراہم کرنی ہوں گی، [15]ماسوائے که یه ملاقات کسی ہنگامی صورتحال یا ایسے جرم کے دوران ہو جس میں فوری کارروائی ضروری ہو۔ [16]
- جب نیو یارک سٹی پولیس ڈیپارٹمنٹ (NYPD) کے کسی افسر نے آپ سے آپ کی جسمانی، گاڑی، گھر یا پراپرٹی کی تلاشی کے لیے رضامندی طلب کی ہو، اور افسر کو آپ کی واضح اور باخبر رضامندی درکار ہو۔ یه اس صورت میں ہو سکتا ہے جب افسر کے پاس تلاشی وارنٹ یا معقول سبب نه ہو اور آپ گرفتار نه ہوں۔ [17]
- جب ریاستی پیرول بورڈ کے سامنے انٹرویو یا سماعت کے لیے پیش ہوں۔ [18]

ووٹ ڈالنا

جب آپ کو ووٹ ڈالتے وقت معاونت درکار ہو۔ [19]

آپ اس گائیڈ کے سیکشنز میں مخصوص حالات میں زبان کی سہولت تک رسائی کے اپنے حقوق کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں جو طبی نگہداشت، اسکولوں، قانون کے نفاذ کار اداروں، اور ووٹ ڈالنے سے متعلق ہے۔

نیو یارک میں تحریری ترجمے کی خدمات

قانون کی رُو سے کچھ ایجنسیاں اور تنظیمیں پابند ہیں کہ وہ آپ کو مخصوص زبانوں میں دستاویزات کے مفت تحریری ترجمے مہیا کریں۔ کچھ اقسام کی معلومات جیسا کہ نسخہ جاتی ادویات کے لیبلز اور آپ کی تنخواہ و اجرت سے متعلق معلومات، آپ کی بنیادی زبان میں مہیا کی جانی لازم ہیں۔ دیگر اقسام کی معلومات، جیسا کہ ریاستی ایجنسیوں کی جانب سے دستاویزات اور ووٹ اور الیکشنز سے متعلقہ مواد، صرف ریاست یا آپ کے مقامی علاقے کی سب سے عام غیر انگریزی زبانوں میں مہیا کی جائیں گی۔ آپ حاشیے میں ترجمے کے ان مخصوص تقاضوں کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

ذیل میں کچھ عام ترین حالات درج ہیں جن میں آپ کو یہ تحریری ترجمے کی خدمات موصول ہونی چاہیئں:

نگہداشتِ صحت

- جب آپ نسخہ جاتی ادویات کے لیے فارمیسی جاتے ہیں۔ [20]
- جب آپ مخصوص حالات میں ہسپتال یا ایمرجنسی روم میں بطور مریض داخل ہوں۔ [21]

خدماتِ عامه

- جب آپ کسی ریاستی ایجنسی سے خدمات یا فوائد طلب کرتے ہیں، جیسا کہ ریاستی DMV،[22] ورکرز کمپنسیشن بورڈ، یا محکمہ برائے ٹیکسیشن اینڈ فنانس۔ [23]
- جب آپ مقامی زبان کی سہولت تک رسائی کے قوانین یا ایگزیکٹیو آرڈرز کے حامل شہروں یا کاؤنٹیز کی ایجنسیوں سے خدمات یا فوائد طلب کرتے ہیں، جیسے نیو یارک شہر اور ویسٹ چیسٹر، سافک، اور نساؤ کاؤنٹیز۔ [24]
- اگر آپ بے گھری کا شکار ہیں یا پناہ گاہ میں رہائش پذیر ہیں ہیں اور نیو یارک شہر کے محکمہ برائے بے گھری کی خدمات (New York City's Department of Homeless Services) سے رابطے میں ہیں۔ [25]
- جب آپ Medicare یا Medicaid کے لیے درخواست دیں۔ [26]
- جب آپ SNAP کے فوائد کے لیے درخواست دیں۔ [27]

ووٹ ڈالنا

- جب آپ کو ووٹ ڈالتے وقت تحریری مواد کو پڑھنے میں مدد درکار ہو۔ [28]

ملازمت

جب آپ کو کسی نئے آجر کی جانب سے اپنی تنخواہ یا اجرت سے متعلق معلومات ملیں یا آپ ورکرز کمپنسیشن بورڈ سے کارکنان کے معاوضوں کے فوائد کے بارے میں معلومات طلب کریں۔ [29]

آپ اس گائیڈ کے سیکشنز میں مخصوص حالات میں زبان کی سہولت تک رسائی کے اپنے حقوق کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں جو طبی نگہداشت، اسکولوں، قانون کے نفاذ کار اداروں، اور ووٹ ڈالنے سے متعلق ہے۔

ریاست نیو یارک کی ایجنسیاں اس بات کی پابند ہیں کہ وہ ترجمانی اور ترجمے کی خدمات مہیا کریں

ریاست نیو یارک کا قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی (https://ogs.ny.gov/new-york-state-language access-law) ان ریاستی ایجنسیوں پر لاگو ہوتا ہے جو عوام کو خدمات یا فوائد بہم پہنچاتی ہیں۔ [30] قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کے تحت موجودہ طور پر، 50 ریاستی ایجنسیوں، بشمول DMV، محکمہ برائے ٹیکسیشن اینڈ فنانس، ڈویژن برائے انسانی حقوق، اور ورکرز کمپنسیشن بورڈ سے درکار ہے کہ اہم دستاویزات کے تراجم اور تشریح کی خدمات مہیا کریں۔ [31] اہم دستاویزات سے مراد "وہ کاغذی یا ڈیجیٹل دستاویز ہے جو ان معلومات پر مشتمل ہو جو ایجنسی کی خدمات یا فوائد حاصل کرنے کے لیے اشد ضروری ہو یا بصورت دیگر اسے مکمل کرنے کا قانونی تقاضا ہو۔" [32] جن ایجنسیوں پر زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات مہیا کرنا لازم ہے، ان کی مکمل فہرست عمومی خدمات کے دفتر برائے ریاست نیو یارک کی زبان کی سہولت تک رسائی کی ڈائریکٹری میں دستیاب ہے (https://ogs.ny.gov/language access-directory)۔ [33]

قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کے تحت، ان ایجنسیوں کو مردم شماری کے اعداد و شمار کی بنیاد پر نیو یارک کے LEP کے حامل افراد کی جانب سے بولی جانے والی 12 انتہائی عام غیر انگریزی زبانوں میں اہم دستاویزات فراہم کرنا لازم ہے۔ 2025 سے، یہ زبانیں ہیں:

- عربی
- بنگالی
- چینی
- فرانسیسی
- ہیٹی کریول
- اطالوی
- کوریائی
- پولش
- روسی
- ہسپانوی
- اردو
- یدش [34]

اگر آپ ایجنسی کی خدمات یا فوائد حاصل کر رہے ہیں، تو ان ایجنسیوں کو آپ کی بنیادی زبان میں مفت تشریحی خدمات مہیا کرنا لازم ہے، خواہ وہ زبان 12 انتہائی عام غیر انگریزی زبانوں میں شامل نہ بھی ہو۔ [35]

ریاست کا قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کا اطلاق وفاقی، کاؤنٹی یا شہری ایجنسیوں پر نہیں ہوتا، تاہم انسدادِ امتیاز کے وفاقی و ریاستی قوانین آپ کے زبان کی سہولت تک رسائی کے حقوق کا تحفظ کر سکتے ہیں جب آپ کا باہمی تعامل کاؤنٹی و بلدیاتی ایجنسیوں کے ساتھ ہو۔ علاوہ ازیں، نیو یارک کی کچھ کاؤنٹیز اور شہروں نے قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کو اختیار کیا ہے یا اپنے ذاتی قوانین برائے زبان کی سہولت تک رسائی اور ایگزیکٹیو آرڈرز منظور کیے ہیں۔

نیو یارک شہر کے قانون کے مطابق وہ شہری ایجنسیاں جو خدماتِ عامہ براہِ راست فراہم کرتی ہیں، کم ازکم 100 زبانوں میں ٹیلیفون پر ترجمانی کی سہولت فراہم کرنے کی پابند ہیں۔ [36] علاوہ ازیں، یہ ایجنسیاں اپنی سب سے زیادہ تقسیم ہونے والی دستاویزات کا ہسپانوی، چینی، روسی، بنگالی، ہیٹی کریول، کوریائی، عربی، اردو، فرانسیسی اور پولش میں ترجمہ لازماً کریں۔ [37]

ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی، [38] سافک کاؤنٹی، [39] نساؤ کاؤنٹی [40] اور مونرو کاؤنٹی [41] اپنے قوانین، ایگزیکٹیو آرڈرز یا زبان کی سہولت تک رسائی کے منصوبہ جات کی حامل ہیں، جو عوام الناس کو خدمات مہیا کرنے والی ایجنسیوں سے ترجمہ اور تشریح کی خدمات کا تقاضا کرتے ہیں۔

طبی نگہداشت میں زبان کی سہولت تک رسائی

اگر آپ LEP کے حامل ہیں، سماعت سے محروم ہیں یا اونچا سنتے ہیں تو آپ طبی نگہداشت طلب کرتے یا نیو یارک کی زیادہ تر فارمیسیوں کا وزٹ کرتے وقت زبان کی سہولت تک رسائی کے حقدار ہیں۔ یہ حقوق ریاست و وفاق کے قواعد و ضوابط کے تحت محفوظ ہیں۔

ہسپتالوں میں زبان کی سہولت تک رسائی

اگر آپ LEP کے حامل ہیں، سماعت سے محروم یا اونچا سنتے ہیں اور ان پیشنٹ، آؤٹ پیشنٹ، یا ہنگامی خدمات موصول کر رہے ہیں تو ریاست نیو یارک میں تمام جنرل ہسپتال [42] آپ کو لازماً مہارت یافتہ ترجمانی کی خدمات مہیا کریں گے۔ [43] جنرل ہسپتال اس امر کو یقینی بنانے کی خاطر مخصوص اقدامات اپنائیں گے کہ زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات آپ اور ان تمام مریضوں کو مہیا کی جائیں جنھیں یہ درکار ہیں۔ ان اقدامات میں شامل ہیں:

- آپ کو تشریح کی خدمات کے لیے فردِ خانہ، دوست یا کسی ایسے دوسرے فرد جو ہسپتال کے لیے کام نہ کرتا ہو، پر انحصار کرنے پر مجبور نہ کریں، ماسوائے آپ خود فرد کی بطور ترجمان خدمت موصول کرنے پر متفق ہوں اور آپ کو تشریح کی مفت خدمات پیش کی جا چکی ہوں اور آپ ان کا انکار کر چکے ہوں [44]
- جب آپ ہسپتال میں نگہداشت کی خاطر پہلی مرتبہ تشریف لائیں تو آپ کی ترجیحی زبان اور لسانی ضروریات کی بابت شناخت کی جائے [45]
- آپ کی ترجیحی زبان اور ضروریات اور لسانی معاونتی خدمات کو قبول کرنے یا رد کرنے کے حوالے سے آپ کے طبی ریکارڈز کو ضبط تحریر میں لایا جائے [46]
- مریضوں اور ممکنہ مریضوں کے لیے ایسے مواد تیار کیے جائیں جن میں بتایا جائے کہ لسانی معاونت کی مفت خدمات تک رسائی کیسے پائی جائے [47]
- عوامی مقامات پر لسانی معاونت کی مفت خدمات کی دستیابی کے بارے میں اشارے آویزاں کیے جائیں [48]
- مریضوں کے ساتھ براہ راست کام کرنے والے ملازمین کے لیے مسلسل آگاہی اور تربیت مہیا کی جائے جس میں لسانی معاونت کی خدمات مہیا کرنے کی اہمیت اور مریض کی جانب سے ان خدمات تک رسائی کے طریقہ کار کے بارے میں بتایا جائے [49]

اگر آپ ان پیشنٹ یا آؤٹ پیشنٹ شعبے میں ہسپتال کے قوت سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے مریض ہیں، تو ہسپتال عموماً درخواست کے 20 منٹ کے اندر مہارت یافتہ ترجمان کی خدمت لازماً فراہم کرتا ہے۔ [50] اگر آپ ہنگامی خدمات موصول کر رہے ہیں، تو ہسپتال عموماً درخواست کے 10 منٹ کے اندر کسی ترجمان کی خدمت لازماً فراہم کرتا ہے۔ [51]

فارمیسیز میں زبان کی سہولت تک رسائی

ریاست کے قانون کے تحت، نیو یارک میں فارمیسیز جو کہ آٹھ یا زائد فارمیسیز کے گروپ کا حصہ ہوں اور ایک ہی مالک کے ماتحت ہوں، وہ آپ کے LEP کے حامل ہونے اور لسانی معاونت کی درخواست کرنے کی صورت میں آپ کو بلامعاوضہ، مستند تشریح اور ترجمے کی خدمات کی پیشکش لازماً کریں۔ [52] روایتی فارمیسیز اور میل آرڈر فارمیسیز اس بات کی پابند ہیں کہ جب وہ آپ کو نسخے کی ادویات کے بارے میں معلومات فراہم کریں، یا جب آپ اپنی مریض کی ادویاتی پروفائل کے لیے انہیں ضروری معلومات دیں، تو وہ آپ کو مفت، معیاری زبانی تشریح اور تحریری ترجمے کی سہولت فراہم کریں۔ [53] یہ فارمیسیاں لازماً مفت، اہل زبانی تشریح اور ترجمے کی خدمات فراہم کریں تاکہ نسخہ جاتی ادویات کے لیبلز، وارننگ لیبلز اور دیگر تحریری مواد سمجھنے میں آپ کو مدد مل سکے۔ [54]

نگہداشت صحت میں انسدادِ امتیاز کے تحفظات

انسدادِ امتیاز کے قوانین آپ کے زبان کی سہولت تک رسائی کے حقوق کا تحفظ بھی کرتے ہیں جب آپ طبی نگہداشت اور متعلقہ خدمات طلب کر رہے ہوں۔

اگر آپ LEP کے حامل ہیں، قوت سماعت سے محروم یا اونچا سنتے ہیں، تو ایکٹ برائے قابل استطاعت نگہداشت (ACA)، صحت کے ان پروگرامز اور سرگرمیوں کی جانب سے امتیازی سلوک سے آپ کو محفوظ رکھتا ہے جن کو وفاقی فنڈنگ موصول ہوتی ہے یا جو وفاقی ایگزیکٹیو ایجنسی کے زیر انتظام ہیں۔ [55]
یہ تحفظ بہت سے ہسپتالوں، کلینیکس اور نرسنگ ہومز کے ساتھ ساتھ خدمات جیسا کہ Medicaid اور Medicare پر لاگو ہوتا ہے۔ ACA کے نفاذی ضوابط کے تحت، ان صحت کے پروگراموں اور سرگرمیوں پر یہ بھی لازم ہے کہ وہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کو مفت معاون سہولیات اور خدمات فراہم کریں۔ [56] ایک اور قانون، ایکٹ برائے بحالی، بھی اسی طرح وفاقی فنڈنگ موصول کرنے والے نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کو معاون سہولیات اور خدمات مہیا کریں۔ [57]

ایکٹ برائے معذوریوں کے شکار امریکی افراد کی جانب سے تمام نجی و سرکاری نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں اور فراہم کنندگان سے بھی یہی تقاضا کیا جاتا ہے، خواہ ان کو وفاقی فنڈز وصول ہوتے ہوں یا نہیں۔ [58]

ریاست نیو یارک کا قانون برائے انسانی حقوق ریاست نیو یارک میں موجود ہسپتالوں اور میڈیکل کلینکس سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے مریضوں کو معاون سہولیات اور خدمات مہیا کریں۔ [59] نیو یارک شہر کے قانون برائے انسانی حقوق کے بھی نیو یارک شہر میں موجود ہسپتالوں اور میڈیکل کلینکس سے بالکل یہی تقاضے ہیں۔ [60]

تعلیم میں زبان کی سہولت تک رسائی

نیو یارک کے سرکاری اسکولوں کو یقینی بنانا چاہیئے کہ انگریزی زبان کے متعلمین، [61] قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کو اسکول کی سرگرمیاں سیکھنے اور ان میں شرکت کرنے کے مساوی حقوق حاصل ہوں۔ اگر آپ LEP کے حامل، سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے والدین ہیں، تو بچے کے اسکول کے ساتھ تعامل کرتے وقت آپ کو بھی زبان کی سہولت تک رسائی کے حقوق حاصل ہیں۔ یہ حقوق وفاقی و ریاستی قوانین کے تحت تحفظ یافتہ ہیں۔

تحفظات برائے انگریزی زبان کے متعلمین

وفاقی و ریاستی قانون کے تحت، سرکاری اسکول یقینی بنائیں گے کہ ELL طلباء کے پاس اسکول کے وسیلہ جات سے سیکھنے اور مستفید ہونے کے مساوی مواقع ہوں۔

وفاقی قانونی تحفظات۔ وفاقی ایکٹ برائے یکساں تعلیمی مواقع (EEOA) کے تحت اسکول ڈسٹرکٹس سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ لسانی معاونتیں اور خدمات مہیا کریں جو طلباء کی لسانی دشواریوں کو حل کرتی ہوں۔[62] اسکولوں پر یقینی بنانا لازم ہے کہ ELL طلباء کے لیے متبادل تعلیمی پروگرامز وہی مساوی تعلیمی مواقع مہیا کریں جن سے ڈسٹرکٹ کے انگریزی بولنے والے طلباء مستفید ہوتے ہیں۔ [63] بالکل اسی طرح، 1964 کے ایکٹ برائے شہری حقوق کا ٹائٹل VI اسکولوں کو پابند کرتا ہے
کہ وہ ELL طلباء کے قومی نسب کے باعث انہیں کم درجے کی تعلیم مہیا کر کے ان کے ساتھ امتیازی سلوک روا نہ رکھیں۔ [64]

ایک اور وفاقی قانون، معذوریوں کے شکار افراد (IDEA) کی تعلیم کا ایکٹ معذوریوں کے شکار طلباء اور ان کے والدین یا سرپرستگان کے لیے زبان کی سہولت تک رسائی کے تحفظات مہیا کرتا ہے، بشمول درج ذیل:

- اسکول ڈسٹرکٹس خصوصی خدمات اور انفرادی تعلیمی پروگرامز (IEPs) کے لیے طلباء کا اس زبان میں لازماً جائزہ لیں گے جو طلباء آسانی سے بول سکتے ہوں۔ [65]
- IEP کی ٹیم طلباء کے تعلیمی پروگراموں میں طلباء کی لسانی اور مواصلت کی ضرورت کو لازما زیر غور لائیں۔ [66]
- معذوریوں کے شکار طلباء کے لیے وفاقی فنڈنگ موصول کرنے والے اسکول معذوریوں کے شکار طلباء کے جائزوں اور پلیسمنٹ سے متعلقہ دستاویزات کا ترجمہ والدین کی مقامی زبانوں میں کریں، ماسوائے کہ ایسا کرنا ناقابل عمل ہو۔ [67]

ریاستی قانونی تحفظات۔ نیو یارک کے قوانین و ضوابط ELL طلباء کے لیے اضافی تحفظات مہیا کرتے ہیں۔

ریاست نیو یارک میں، اسکول اضلاع پر لازم ہے کہ وہ ELL طلباء کو اپنے پیش کردہ تمام پروگراموں اور خدمات میں مساوی رسائی دیں۔ [68] نیو یارک کا آئین تمام بچوں کے لیے لسانی رکاوٹوں سے قطع نظر معیاری، بنیادی تعلیم کے حق کی ضمانت دیتا ہے۔ [69] علاوہ ازیں، متعدد ریاستی قوانین معذوری، قومی نسب، رنگت اور دیگر تحفظ یافتہ حیثیتوں کی بنیاد پر طلباء کے خلاف امتیاز برتنے کی ممانعت کرتے ہیں۔ [70]

دیگر ریاستی قوانین اور ضوابط اسکول ڈسٹرکٹس سے متقاضی ہیں کہ **ELL طلباء کے لیے مخصوص انتظامات و خدمات مہیا کریں:** [71]

- ریاست نیو یارک کے تمام اسکول ڈسٹرکٹس پر لازم ہے کہ ELL طلباء کی شناخت کے لیے تمام نئے طلباء کی جائزاتی اسکریننگ انجام دے۔ [72] اگر طالب علم کے گھر میں انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان بولی جاتی ہے تو یہ اسکریننگ کسی ایسی فرد کی جانب سے انجام دی جانی چاہیئے جو طالب علم کی مقامی زبان بول سکتا ہو۔ [73]
- جن طلباء کی شناخت ELLs کے طور پر کی گئی ہے ان کو دولسانی تعلیم یا (پہلے "انگریزی بطور دوسری زبان" یا "ESL" کے طور پر معروف) انگریزی بطور نئی زبان کے پروگرامز مہیا کیے جانے لازم ہیں جو ریاست کے اہم معیارات و تقاضوں پر پورا اترتے ہوں۔ [74] ریاست نیو یارک کے محکمہ تعلیم کی گائیڈ برائے ریاست نیو یارک میں ELLs کے والدین (https://www.nysed.gov/bilingual-ed/ guide-parents-english-language-learners-and-multilingual-learners new-york-state) سے آپ ان پروگراموں کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں، جو کہ 26 زبانوں میں دستیاب ہے۔

چارٹر اسکولوں پر لازم ہے کہ وہ ELL طلباء کی شناخت و جائزے کے لیے تمام وفاقی و ریاستی تقاضوں کی پیروی کریں۔ چارٹر اسکولوں پر لازم ہے کہ وہ دولسانی تعلیم یا انگریزی بطور نئی زبان کے پروگرام مہیا کریں جو سرکاری اسکولوں پر لاگو ہونے والے ریاستی معیارات پر پورا اترتے ہوں، یا وہ لازماً "ایک متبادل لسانی نصابی تعلیمی پروگرام پیش کریں جو سائنسی تحقیق پر مبنی ہو اور چارٹر ادارے کی جانب سے منظور شدہ ہو۔" [75]

ELL طلباء جو **نیو یارک شہر کے سرکاری اسکولوں** میں داخل ہیں ان کے اضافی قانونی تحفظات ہیں۔ عدالت کی جانب سے نافذ کیے گئے ایک معاہدے، جسے رضامندی کا عدالتی فرمان کہا جاتا ہے، کے تحت شہر کے سرکاری اسکول کے نظام سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ ELL طلباء کی نشاندہی کے لیے کوئی طریقہ کار اور لسانی خدمات کا ایک نظام تیار کریں جو ELL طلباء کو مناسب دولسانی تعلیم مہیا کرے۔ [76]

قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کے لیے تحفظات

وفاقی قانونی تحفظات۔ معذوریوں کے شکار افراد کی تعلیم کے ایکٹ (IDEA) کے تحت سرکاری اسکولوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ K–12 کے قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کو معاونتی خدمات مہیا کریں جو انہیں اپنی عمر اور صلاحیتوں کے حساب سے مناسب تعلیمی پیش رفت کرنے کا اختیار دیں۔ [77]

ایکٹ برائے معذوریوں کے شکار امریکی اور بحالی کا ایکٹ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کے لیے تحفظات مہیا کرتا ہے جو IDEA کی جانب سے مہیا کردہ سے بڑھ کر ہو سکتے ہیں۔ [78] مثال کے طور پر، ADA اسکولوں سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ ایسے انتظامات مہیا کریں جو یقینی بنائیں کہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کے ساتھ بات چیت اتنی ہی مؤثر ہو جتنا کہ سننے والے طلباء کے ساتھ بات چیت کی جاتی ہے۔ [79] ADA اسکولوں سے یہ بھی تقاضا کرتا ہے کہ وہ معاون سہولیات اور خدمات کی اقسام کے سلسلے میں قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کی ترجیحات کو فوقیت دے، جو کہ انہیں موصول ہونی ہیں۔ [80]

ان قوانین کے تحت اسکولز جو انتظامات لازماً فراہم کرتے ہیں ان کا انحصار ہر ایک طالب علم کی انفرادی ضروریات پر ہوتا ہے۔ ضرورت کے مطابق، ان میں بول چال اور لسانی تھیراپی، [81] لفظ بہ لفظ ٹرانسکرپشن کی خدمات، [82] کلاس روم نوٹس، ترجیحی نشست، فریکوئنسی ماڈیولیشن (FM) سسٹم، یا قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کے لیے خصوصی تربیت یافتہ استاد شامل ہو سکتے ہیں۔ [83]

ADA کے تحفظات سرکاری و نجی اسکولوں پر لاگو ہوتے ہیں۔ [84] ایکٹ برائے بحالی کے تحفظات ان سرکاری و نجی اسکولوں پر لاگو ہوتے ہیں جو وفاقی فنڈنگ موصول کرتے ہیں۔ [85] ADA اور ایکٹ برائے بحالی دونوں کا اطلاق کالجوں اور یونیورسٹیوں پر ہوتا ہے۔ [86]

ریاستی قانونی تحفظات۔ ریاست نیو یارک کا قانون قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کے خلاف امتیازی سلوک روا رکھنے کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ [87]

والدین اور سرپرستگان کے لیے تحفظات

وفاق و ریاستی قوانین کے تحت، اسکولوں پر لازم ہے کہ وہ زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات پیش کریں جو LEP، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے والدین کو اپنے بچوں کی تعلیم میں معنی خیز شرکت کرنے کے قابل بنائیں۔ اسکولوں پر لازم ہے کہ وہ **ELL طلباء کے والدین** کے لیے خصوصی معاونتیں فراہم کریں۔ یہ تحفظات سرپرستگان، سوتیلے والدین اور ان تمام بالغ افراد پر یکساں لاگو ہوتے ہیں جو کسی طالب علم کی کفالت کرتے ہیں۔

وفاقی قانونی تحفظات۔ انسدادِ امتیاز کے وفاق قوانین سرکاری اسکولوں سے تقاضا کرتے ہیں کہ وہ کچھ حالات کے تحت LEP، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے والدین کو معاون آلات و خدمات مہیا کریں۔ مثال کے طور پر، اسکولوں پر لازم ہے کہ وہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے والدین کے لیے اپنے بچوں کی تعلیم سے متعلق اسکول کی جانب سے شروع کی گئی سرگرمیوں، جیسا کہ پیرنٹ ٹیچر میٹنگ میں ASL ترجمان کی خدمت مہیا کریں۔ [88] اسکولوں پر لازم ہے کہ وہ ایسے انتظامات کریں جو معذوریوں کے شکار طلباء کے LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے والدین کو اپنے بچوں کی IEP کی متعلقہ منصوبہ بندی اور فیصلہ سازی میں معنی خیز شرکت کرنے کے قابل بنائیں۔ [89]

ریاستی قانونی تحفظات۔ ریاست نیو یارک کے تمام اسکول ڈسٹرکٹس پر لازم ہے کہ وہ ELL طلباء کے والدین کو اپنے بچے کی تعلیم میں مدد دینے کے لیے مناسب معلومات مہیا کریں۔ ہر ڈسٹرکٹ پر لازم ہے کہ ان والدین کو اعلیٰ معیار کا حامل تعارفی سیشن پیش کرے جس میں ان کے بچوں کے پروگرام کے اختیارات اور متعلقہ ریاستی معیارات اور سالانہ جائزوں کے بارے میں اہم معلومات مہیا کی جائیں۔ [90]

ڈسٹرکٹس پر لازم ہے کہ وہ سال میں ایک دفعہ کسی ELL طالب علم کے ہر والد/والدہ سے ملاقات کرے تاکہ طالب علم کی زبان دانی کی صلاحیت میں پیش رفت اور بچے کے پروگرام کے اہداف کا جائزہ لے۔ [91] ڈسٹرکٹس پر لازم ہے کہ وہ والدین کے ساتھ کی جانے والی میٹنگز کا انعقاد دیگر میٹنگز سے الگ کروائے، جیسا کہ پیرنٹ ٹیچر کانفرنسز اور پیش رفت کی بابت سہ ماہی میٹنگز۔ [92] ان میٹنگز کے سلسلے میں ڈسٹرکٹس پر لازم ہے کہ وہ LEP والدین کو اس زبان یا ابلاغی طریقے میں، جسے والدین سب سے بہتر سمجھتے ہوں، ایک اہل مترجم فراہم کریں۔ [93]

اسکول کی تادیبی کارروائیوں پر خصوصی تحفظات لاگو ہوتے ہیں۔ جب کوئی اسکول کسی طالب علم کو پانچ دنوں کے لیے معطل کرنے کا ارادہ کرے:

- تو اسکول پر لازم ہے کہ وہ فوری طور پر طالب علم کے والدین کو تحریری صورت میں، والدین کی بنیادی زبان یا ذریعہ ابلاغ میں آگاہ کرے۔ [94]
- اس نوٹیفکیشن میں حادثے کی تفصیلات اور والدین کے اس حق کے بارے میں آگاہ کیا جانا لازم ہے کہ جس حق کے تحت وہ معطلی کے خلاف اعتراض کرنے کے لیے اسکول کے پرنسپل کے ساتھ فوری طور پر غیر رسمی کانفرنس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ [95]
- اگر غیر رسمی کانفرنس کا انعقاد ہوتا ہے تو یہ لازماً والدین کی بنیادی زبان یا ذریعہ ابلاغ میں انجام دی جانی چاہیئے۔ [96]

اگر معطلی کی مدت پانچ دنوں سے زائد ہو تو طالب علم منصفانہ سماعت طلب کرنے کا مستحق ہے۔ [97] ان سماعتوں میں، طلباء کے پاس یہ حق ہو گا کہ وہ اٹارنی کی نمائندگی حاصل کریں، گواہ پیش کریں اور گواہوں سے سوال کریں اور شواہد جمع کروائیں۔ [98] ELL طلباء اور LEP کے حامل والدین درخواست کر سکتے ہیں کہ اسکول منصفانہ سماعتوں کے لیے ترجمان کی خدمات مہیا کرے۔ [99]

اگر آپ نیو یارک شہر کے سرکاری اسکولوں (New York City Public Schools, NYCPS) میں داخل طالب علم کے والدین ہیں تو اگر آپ NYCPS کے عملے کے ساتھ بات چیت کے لیے لسانی معاونت کی درخواست کرتے ہیں تو آپ کے پاس ترجمے اور تشریحی خدمات کا حق محفوظ ہے۔ [100] آپ NYCPS کے عملے کے ساتھ بات چیت کرتے وقت لسانی رسائی کے اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات NYCPS کی ویب سائٹ (https://www.schools.nyc.gov/school-life/school-environment/hello) اور والدین کے حقوق کے مسودے (https://www.schools.nyc.gov/school-life/know-yourrights/parents-bill-of-rights) سے معلوم کر سکتے ہیں۔

قانون کے نفاذ کار اداروں میں زبان کی سہولت تک رسائی

قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ معاملہ کرتے وقت آپ کے زبان تک رسائی کے حقوق اُس ادارے پر منحصر ہوں گے جس سے آپ کا واسطہ پڑتا ہے۔

ریاست نیو یارک کی پولیس

نیو یارک کے قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کی جانب سے احاطہ کردہ ریاست کی دیگر ایجنسیوں کی طرح، ریاست کی پولیس پر لازم ہے کہ وہ کسی بھی زبان میں تشریحی خدمات مہیا کرے، جو آپ بولتے ہیں۔ [101] ان پر لازم ہے کہ وہ ایجنسی کی اہم دستاویزات کے تراجم 12 انتہائی عام غیر انگریزی زبانوں میں پیش کریں جو نیو یارک کے LEP کے حامل شہری بولتے ہیں۔ [102]

علاوہ ازیں، ریاستی پولیس کے افسران اور دیگر ملازمین پر لازم ہے کہ وہ آپ کو ٹیلیفون کالز اور پیشگی طے شدہ اپائنٹمنٹس کے دوران مفت تشریحی خدمات مہیا کریں۔ [103] انہیں آپ کو فیلڈ میں یا پولیس دفاتر میں براہ راست ملاقات کے دوران مفت ترجمانی کی خدمات بھی فراہم کرنی ہوں گی، [104] ماسوائے کہ یہ ملاقات کسی ہنگامی صورتحال یا ایسے جرم کے دوران ہو جس میں فوری کارروائی ضروری ہو۔ [105] ریاست کی پولیس پر لازم ہے کہ جب حالات فوری نوعیت کے نہ ہوں تو کچھ گرفتاریوں کے دوران آپ کو تشریحی خدمات فراہم کرے۔ [106]

نیو یارک شہر کا محکمہ پولیس (NYPD)

نیو یارک شہر کے قانون کے تحت NYPD سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ لسانی رسائی کی خدمات مہیا کرے، بشمول:

- مفت تشریحی خدمات
- NYPD کی سب سے عام تقسیم ہونے والی دستاویزات کے تراجم
- ایسے علامتی بورڈ آویزاں کرنا جن سے عوام الناس کو زبان کی سہولت تک رسائی کی ان خدمات کے بارے میں پتہ چلے [107]

اگر آپ کو تشریحی خدمات درکار ہیں تو NYPD عموماً ایک NYPD کے مستند مترجم کی خدمات پیش کرے گا یا اپنی لینگوئج لائن کی خدمت استعمال کرے گا۔ [108] تاہم، NYPD کی پالیسی افسروں کو اجازت دیتی ہے کہ وہ "دولسانی کمیونٹی کے بالغ ممبران کو مدد کے لیے استعمال کریں تاکہ LEP کے حامل افراد کو فوری خدمات فراہم کی جا سکیں، یہ معلوم کیا جا سکے کہ کوئی جرم ہوا ہے یا نہیں، طبی علاج فراہم یا حاصل کیا جا سکے، یا جرم کرنے والوں کو گرفتار کیا جا سکے۔" [109] کسی بھی قسم کے پولیس حادثے کے لیے بچوں کو کبھی بطور مترجم استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ [110]

نیو یارک

ریاست نیو یارک میں کسی بھی جگہ، اگر آپ گھریلو تشدد (مثلاً ہراسانی، ڈرانے دھمکانے، تعاقب یا جنسی زیادتی) کے شکار یا اس سے متاثرہ ہیں، تو قانون کے نفاذ کار ادارے کے افسر یا حادثے کی تحقیقات کرنے والے پروسیکیوٹر پر لازم ہے کہ آپ کو آپ کے قانونی حقوق کی بابت سادہ انگریزی، ہسپانوی، چینی یا روسی میں تحریری نوٹس مہیا کرے۔ اس نوٹس میں دیگر باتوں کے ہمراہ درج ذیل کا شامل ہونا لازم ہے:

- ریاست نیو یارک کی گھریلو و جنسی تشدد کی 24 گھنٹے کی ہاٹ لائن کا نمبر، جس سے بہت سی زبانوں میں معلومات مل سکتی ہوں (800-942-6906 پر کال کریں یا 844-997-2121 پر ٹیکسٹ بھیجیں)
- قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کے لیے 711 پر کال کرنے کی خاطر ہدایات [111]

اگر آپ گھریلو تشدد کے شکار یا اس سے متاثرہ ہیں، تو آپ ریاست نیو یارک کے دفتر برائے گھریلو تشدد کی روک تھام کی ویب سائٹ (https://opdv.ny.gov/survivors-victims) پر مدد و معاونت کے لیے مزید وسائل معلوم کر سکتے ہیں۔

وفاقی امیگریشنز اور کسٹمز انفورسمنٹ (ICE)

اگر ICE کے ایجنٹس آپ کے دروازے تک آئیں یا آپ کو سوال پوچھنے سے منع کریں تو آپ کے پاس خاموشی اختیار کرنے کا حق ہے۔ آپ کے پاس یہ حق بھی ہے کہ کسی ایسی دستاویز پر دستخط کرنے سے انکار کریں جو آپ پڑھ نہیں سکتے۔ ICE کی پالیسی کے مطابق، ICE کی سہولیات LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے زیر حراست افراد کو بات چیت میں مدد، بشمول معاون امداد اور خدمات، ترجمان اور ترجمے کی خدمات مہیا کریں گی۔ [112] تاہم، یہ پالیسی ICE خود ہی نافذ کر سکتا ہے اور اس میں تبدیلی کر سکتا ہے۔

وفاقی قانون کے تحت قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کے لیے زبان کی سہولت تک رسائی کے حقوق۔ اگر آپ قوت سماعت سے محروم ہیں یا اونچا سنتے ہیں تو جب آپ کا سامنا قانون کے نفاذ کار اداروں سے ہو تو آپ کو وفاقی قانون کے تحت زبان کی سہولت تک رسائی پانے کےحقوق حاصل ہیں۔

ایکٹ برائے معذوریوں کے شکار امریکی افراد کا اطلاق قانون کے نفاذ کار ریاستی اور مقامی اداروں کے ساتھ سامنا ہونے پر بھی ہوتا ہے، اس میں قانون کے نفاذ کار ریاستی، کاؤنٹی اور بلدیاتی ایجنسیوں کی جانب سے گرفتاریاں اور تفتشیں شامل ہیں۔ [113] ان ایجنسیوں میں ریاست کی پولیس، کاؤنٹی شیرف، شہری محکمہ جات برائے پولیس اور پولیس کے دیگر مقامی محکمہ جات شامل ہیں۔ ADA کے تحت، قانون کے نفاذ کار اداروں کے افسران پر لازم ہے کہ وہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کو مؤثر بات چیت کی خاطر معقول انتظامات مہیا کریں جیسا کہ مترجمین یا معاون آلات۔ [114] جب آپ **معقول سہولت** کی درخواست کریں یا جب ایسی سہولت کی واضح ضرورت موجود ہو، تو افسران پر لازم ہے کہ وہ معقول سہولت فراہم کریں۔ [115] تاہم، مخصوص انتظامات معقول ہیں یا نہیں، اس بات کا انحصار آمنا سامنا ہونے کے حالات پر ہے۔ علاوہ ازیں، ہو سکتا ہے کہ ہنگامی صورتحال میں افسران کسی قسم کی سہولت فراہم نہ کریں، یا اگر ایسے انتظام کی فراہمی افسران یا دیگر افراد کی سلامتی کو خطرے میں ڈالے، شواہد کے ضائع ہونے کا باعث بنے، یا قانون نافذ کرنے کی جائز کارروائیوں کو متاثر کرے۔ [116]

ایکٹ برائے بحالی کی جانب سے بھی مماثل تحفظات مہیا کیے جاتے ہیں جب آپ کا آمنا سامنا وفاقی انتظامی ایجنسیوں، بشمول ICE سے ہو۔ [117] اس قانون کا اطلاق قانون کی نفاذ کار ان ریاستی، کاؤنٹی اور مقامی ایجنسیوں پر ہوتا ہے جو وفاقی اعانت موصول کرتی ہیں۔ [118]

آئینی تحفظات

امریکی آئین قانون کے نفاذ کار ریاستی و وفاقی افسران کی جانب سے انجام دی جانے والی فوجداری تحقیقات میں زبان کی سہولت تک کچھ محدود رسائی کے تحفظات پیش کرتا ہے۔ اگر افسران آپ کو ایسا Miranda انتباہ نہ دیں جو آپ سمجھ سکیں، تو آپ کے کہے گئے کسی بھی جرم ثابت کرنے والے بیان کو فوجداری مقدمے میں آپ کے خلاف بطور ثبوت عدالت میں قابلِ قبول نہیں سمجھا جائے گا۔ [119] بالکل اسی طرح اگر افسران آپ کے کپڑوں، گاڑی، گھر یا دیگر پراپرٹی کی تلاشی لینے کی رضاکارانہ رضامندی طلب کریں، تو آپ کو ان کی درخواست سمجھنے کے قابل ہونا چاہیئے۔ [120] اگر آپ کو ان کی درخواست سمجھ نہیں آئی تاہم افسران نے کسی بھی طریقے سے تلاشی لینا شروع کر دی ہے، تو آپ کا وکیل یہ چیلنج کر سکتا ہے کہ تفتیش کے دوران افسران جو کچھ بھی دریافت کریں، اسے جرم کے ثبوت کے طور پر استغاثہ استعمال کر سکتے ہیں یا نہیں۔ [121]

ووٹ ڈالنے کے عمل میں زبان کی سہولت تک رسائی

اگر آپ LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم یا اونچا سنتے ہیں، تو آپ نیو یارک میں ووٹ ڈالتے وقت زبان کی سہولت تک مفت رسائی کا حق رکھتے ہیں۔

ایکٹ برائے ووٹ ڈالنے کے حقوق (VRA)

وفاقی ایکٹ برائے ووٹ ڈالنے کے حقوق (Voting Rights Act, VRA) کے تحت ووٹ ڈالنے کے ایسے عمل یا طریقہ ہائے کار پر پابندی عائد ہے جو قوت سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے افراد یا زبان کے اقلیتی گروہوں کے ممبران کے خلاف امتیاز برتتے ہوں۔ [122] VRA زبان کے اقلیتی گروہوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی تعریف ایسے بیان کرتا ہے کہ وہ "افراد جو امریکی انڈین، ایشیائی نژاد امریکی، الاسکائی مقامی باشندے یا ہسپانوی ورثے سے تعلق رکھتے ہوں۔"[123] علاوہ ازیں، وفاقی قانون کا تقاضا ہے کہ الیکشن سے منسلک مواد اور ووٹنگ سسٹمز زبان کے اقلیتی گروہوں سے تعلق رکھنے والے LEP کے حامل ممبران کے لیے قابل رسائی ہوں۔ [124]

اگر آپ LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم یا اونچا سنتے ہیں تو آپ کو VRA کے تحت اجازت ہے کہ ووٹ ڈالنے میں مدد کے لیے اپنی مرضی سے کسی فرد کو ساتھ لائیں، الّا یہ کہ وہ فرد آپ کا آجر یا یونین کا نمائندہ ہو۔ [125]

VRA کے تحت، نیو یارک کی مخصوص کاؤنٹیز پر لازم ہے کہ مخصوص لسانی اقلیتی گروہوں میں اضافی لسانی معاونت مہیا کریں۔ [126] اس کی مطلوبہ امداد میں ووٹنگ کے مواد کے تراجم شامل ہیں، جیسا کہ بیلٹس، ووٹر رجسٹریشن فارمز، ووٹنگ نوٹس، ہدایات، امداد اور الیکشنز سے متعلقہ دیگر مواد اور معلومات۔ [127] نیو یارک کی درج ذیل کاؤنٹیز پر لازم ہے کہ وہ فہرست شدہ لسانی اقلیت کے گروپس کے ممبران کو زبان تک رسائی میں مدد مہیا کریں:

- برونکس کاؤنٹی: ہسپانوی
- کنگز کاؤنٹی: ہسپانوی اور چینی، بشمول تائیوانی
- مونرو کاؤنٹی: ہسپانوی
- نساؤ کاؤنٹی: ہسپانوی
- نیو یارک کاؤنٹی: ہسپانوی اور چینی، بشمول تائیوانی
- کوئینز کاؤنٹی: ہسپانوی؛ ایشیائی انڈین، بشمول سکھ؛ بنگلہ دیشی؛ چینی، بشمول تائیوانی؛ اور کوریائی
- سافک کاؤنٹی: ہسپانوی
- ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی: ہسپانوی [128]

ریاست نیو یارک کا ایکٹ برائے ووٹ ڈالنے کے حقوق (NYVRA)

نیو یارک اپنا ایکٹ برائے ووٹ ڈالنے کے حقوق رکھتا ہے، جو مقامی پولنگ کے مقامات پر LEP کے حامل ووٹرز کے لیے اضافی معاونتوں کا تقاضا کرتا ہے۔ NYVRA مقامی دائرہ ہائے اختیار (مثلاً کاؤنٹیز، شہروں، قصبوں، دیہاتوں اور اسکول ڈسٹرکٹس) اور بورڈ برائے الیکشن سے تقاضا کرتا ہے کہ مخصوص شرائط پوری ہونے کی صورت میں وہ ووٹنگ کا مواد غیر انگریزی زبانوں میں مہیا کریں۔ ان شرائط میں درج ذیل میں سے کوئی ایک شامل ہے:

- کسی مقامی دائرہ اختیار میں ووٹ ڈالنے کی عمر کے شہریوں کے دو فیصد سے زائد LEP کے حامل ایسے ممبران ہیں جو واحد لسانی اقلیتی گروہ سے ہیں۔[129] مقامی دائرہ اختیار میں اس طرح کے شہریوں کی تعداد 300 یا اس سے زائد ہونی چاہیئے۔[130]
- مقامی دائرۂ اختیار میں ووٹ ڈالنے کی عمر کے 4,000 سے زائد شہری کسی ایک ہی لسانی اقلیتی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں اور LEP ممبران ہیں۔[131]

اگر ان شرائط میں سے کوئی بھی پوری ہوتی ہے، تو مقامی دائرہ اختیار یا بورڈ برائے الیکشنز درج ذیل لسانی رسائی کی معاونتیں مناسب غیر انگریزی زبان یا زبانوں میں مہیا کرے گا:

- بیلٹس
- رجسٹریشن یا ووٹنگ نوٹسز
- فارمز اور ہدایات
- ووٹنگ سے متعلقہ امداد
- الیکشن سے متعلقہ دیگر مواد یا معلومات[132]

ریاست نیو یارک کا بورڈ برائے الیکشنز ان مقامی دائرہ ہائے اختیار کی فہرستیں شائع کرتا ہے جن پر ووٹرز کے لیے لسانی معاونتیں مہیا کرنا لازم ہے۔ آپ یہ فہرستیں، نیز NYVRA کے بارے میں مزید معلومات، ریاست نیو یارک کے بورڈ برائے الیکشنز کی ویب سائٹ (https://elections.ny.gov/john-r-lewis-voting-rights-act-new-york) پر تلاش کر سکتے ہیں۔

نیو یارک میں دستیاب تحفظات

ریاستی اور مقامی قوانین، ایگزیکٹیو آرڈرز اور پالیسیوں کا وسیع سلسلہ نیو یارک میں آپ کے لسانی رسائی کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ ان میں کچھ قوانین آپ کی بول چال کی زبان یا آپ کے سننے کی صلاحیت کی بنیاد پر **امتیاز برتنے** کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ دیگر قوانین کے تحت سرکاری ایجنسیوں، نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان، فارمیسیوں، عدالتوں، پولنگ کے مقامات، آجران اور بہت سی دیگر خدمات و سرگرمیوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ آپ کو زبان کی سہولت تک رسائی کے لیے انتظامات، امداد اور خدمات مہیا کرنے کے ضمن میں **فعال اقدامات اپنائیں**۔

انسدادِ امتیاز کے حامی قوانین

ریاستی و مقامی قوانین برائے انسدادِ امتیاز لسانی رسائی سے متعلق برتے جانے والے امتیاز کی دو مرکزی اقسام سے باز رکھتا ہے:

- جو افراد روانی سے انگریزی نہیں بول سکتے ان کے خلاف امتیازی سلوک قومی اصل کی بنیاد پر امتیاز کے زمرے میں آ سکتا ہے اگر یہ کسی مخصوص قومیت کے افراد کے خلاف تعصب کی وجہ سے ہو۔[133]
- قوت سماعت سے محروم یا اونچا سننے افراد کو معقول انتظامات کی فراہمی سے انکار کرنا یا انہیں خدمات دینے سے انکار کرنا معذوری پر مبنی امتیاز ہو سکتا ہے۔ [134]

ریاست نیو یارک کا قانون برائے انسانی حقوق (https://dhr.ny.gov/new-yorkstate-human-rights-law?page=0) امتیاز کی ان دو اقسام کو ممنوع قرار دیتا ہے، اس کے ساتھ ہی نسل، شہریت، امیگریشن کی حیثیت، صنف، جنسی رجحان اور متعدد دیگر تحفظ یافتہ حیثیتوں کی بنیاد پر امتیاز برتنے سے منع کرتا ہے۔ انسدادِ امتیاز کے ان تحفظات کا اطلاق متعدد حالات میں ہوتا ہے:

- ملازمت
- تعلیم
- رہائش
- عوامی سرکاری مقامات، جیسا کہ صحت کے کلینکس اور ہسپتال، ریٹیل اسٹورز، ریسٹورنٹس، ہوٹل، مووی تھیٹرز، ڈے کیئر سینٹرز اور سرکاری عمارات [135]

نیو یارک کا قانون برائے شہری حقوق کچھ حالات میں لسانی رسائی پانے سے متعلق آپ کے حق کا بھی تحفظ کرتا ہے۔ قانون برائے شہری حقوق کسی بھی فرد، کاروباری ادارے، آجر، ریاستی ایجنسی یا مقامی حکومت کے لیے آپ کے شہری حقوق کی خلاف ورزی کرنے کو غیر قانونی بنا دیتا ہے۔ [136] ان حقوق میں قومی نسب یا معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا سامنا کیے بغیر کام کرنے کا موقع، تعلیم حاصل کرنا، رہائش گاہ استعمال کرنا اور اسٹورز، کاروباری اداروں، آمدورفت کے فراہم کنندگان، حکومتی ایجنسیوں اور عوام الناس کے لیے عوامی مقامات تک رسائی شامل ہے۔ [137]

مقامی سطح پر نیو یارک کے متعدد شہر مماثل تحفظات پیش کرتے ہیں۔ **نیو یارک شہر کے قانون برائے انسانی حقوق** کے تحت ملازمت، رہائش، قرض دینے کے طریقہ کار اور عوامی مقامات میں معذوری اور قومی نسب کی بنیاد پر امتیاز برتنے کی ممانعت ہے۔ [138] دیگر شہروں، بشمول بفلو، روچیسٹر اور البنی کے اپنے انسدادِ امتیاز کے قوانین ہیں، جو معذوری اور قومی نسب کی بنیاد پر امتیاز برتنے کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ [139]

ریاست نیو یارک کا قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی۔ ریاست نیو یارک کے قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کے تحت، جو ریاستی ایجنسیاں عوام الناس کو خدمات یا مراعات مہیا کرتی ہیں ان پر لازم ہے کہ وہ اپنی خدمات LEP کے حامل افراد کے لیے قابل رسائی بنائیں۔ [140] ان ایجنسیوں پر لازم ہے کہ دیگر معاملات کے ساتھ، تمام اہم دستاویزات کا ترجمہ نیو یارک کے LEP کے حامل افراد کی بولی جانے والی 12 انتہائی عام غیر انگریزی زبانوں میں کریں: [141] ہسپانوی، چینی، روسی، یدش، بنگالی، کوریائی، ہیٹی کریول، اطالوی، عربی، پولش، فرانسیسی اور اردو۔ [142]

اہم دستاویزات وہ کاغذی یا ڈیجیٹل دستاویزات ہیں جو ان معلومات پر مشتمل ہوں جو ایجنسی کی خدمات یا فوائد اور ان دستاویزات کو حاصل کرنے کے لیے ضروری ہوں جن کا آپ سے مکمل کرنے کا قانونی تقاضا ہے۔ [143] ان ایجنسیوں پر یہ بھی لازم ہے کہ وہ آپ کی بنیادی زبان میں مفت تشریحی خدمات فراہم کریں، چاہے آپ کی بنیادی زبان 12 سب سے زیادہ عام زبانوں میں شامل نہ بھی ہو۔ [144] آپ اس گائیڈ میں موجود سیکشن "ترجمانی اور ترجمے کی خدمات تک رسائی" میں قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

ریاست کے قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کا وفاقی، کاؤنٹی یا شہری ایجنسیوں پر براہ راست اطلاق نہیں ہوتا۔ تاہم، نیو یارک کی کچھ کاؤنٹیز اور شہروں نے قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کو اختیار کیا ہے یا اپنے ذاتی قوانین برائے زبان کی سہولت تک رسائی اور ایگزیکٹیو آرڈرز منظور کیے ہیں۔

آپ زبان کی سہولت تک رسائی کے مددگار وسیلہ جات نیو یارک کےدفتر برائے زبان کی سہولت (https://ogs.ny.gov/language access-resources) تک رسائی کی ویب سائٹ پر دیکھ

سکتے ہیں، بشمول:

- زبان کی سہولت تک رسائی کے حقوق کا بروشر
- https://ogs.ny.gov/know-your-rights#:~:text=Download%20the%20Your%20Language%20Access%20Rights%20Brochure

- ایک "میں بولتا ہوں" کارڈ
  - https://ogs.ny.gov/system/files/documents/2025/02/2025-olaispeak-card-web.pdf
- ترجمہ شدہ فارمز اور دستاویزات
  - https://ogs.ny.gov/translated-documents
- بہترین طریقہ کار برائے ASL تشریح اور ترجمہ کے پروجیکٹس
  - https://ogs.ny.gov/system/files/documents/2025/01/best-practicesfor-working-with-an-asl-interpreter.pdf
  - https://ogs.ny.gov/system/files/documents/2024/09/10-bestpractices-for-translation-projects.pdf

علاوہ ازیں، کچھ ریاستی و مقامی ایجنسیوں کے دفاتر میں نیو یارک کے قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کے لیے وسیلہ جات اور ہم آہنگ قابل رسائی خدمات کی فہرست موجود ہے۔ ان میں سے چند دفاتر ہیں:

- ریاست نیو یارک کا دفتر برائے بہرے، نابینا اور اونچا سننے والے افراد
  - https://www.ny.gov/programs/new-york-state-deaf-deafblindand-hard-hearing-office
- نیو یارک شہر کے میئر کا دفتر برائے معذوریوں کے شکار افراد
  - https://www.nyc.gov/site/mopd/resources/resources.page
- ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کا دفتر برائے معذوریوں کے شکار افراد
  - https://disabled.westchestergov.com
- سافک کاؤنٹی کا دفتر برائے معذوریوں کے شکار افراد
  - https://www.suffolkcountyny.gov/Elected-Officials/CountyExecutive/People-With-Disabilities
- نساؤ کاؤنٹی کا دفتر برائے جسمانی معذوریوں کے حامل افراد
  - https://www.nassaucountyny.gov/3295/For-Disabled-Residents

نیو یارک کے کچھ قوانین مخصوص پروگراموں، خدمات اور سرگرمیوں میں زبان کی سہولت تک رسائی کے آپ کے حقوق کا تحفظ کرتے ہیں۔ ان میں درج ذیل شامل ہیں:

- **ووٹنگ اور الیکشنز۔** جان آر لیوس کا ایکٹ برائے ووٹ ڈالنے کے حقوق از نیو یارک (NYVRA) بورڈ برائے الیکشنز اور مقامی دائرہ ہائے اختیار جیسا کہ کاونٹیز، شہروں، قصبوں، دیہاتوں یا اسکول ڈسٹرکٹس سے متقاضی ہے کہ مخصوص حالات میں ووٹنگ سے متعلقہ مواد غیر انگریزی زبانوں میں مہیا کریں۔[145] آپ NYVRA کے بارے میں مزید اس گائیڈ کے "ووٹ ڈالنے کے عمل میں زبان کی سہولت تک رسائی" نامی سیکشن میں جان سکتے ہیں۔

- **قانونی کارروائیاں۔** اگر آپ کوئی فریق (مثال کے طور پر مدعی، مدعا علیہ، درخواست گزار یا جواب دہندہ) ہیں یا ریاستی عدالت میں دیوانی یا فوجداری کارروائیوں میں کوئی گواہ ہیں، یا اگر عائلی عدالت کی کارروائیوں میں متعلقہ والد/والدہ یا سرپرست ہیں تو آپ مفت تشریح کے حقدار ہیں۔[146] اگر آپ ریاستی عدالت کی طرف سے مہیا کردہ غیر عدالتی خدمات استعمال کر رہے ہوں تو ریاست نیو یارک کا عدالتی نظام بھی مفت تشریح کی خدمات فراہم کرتا ہے۔[147] دیگر ریاستی قوانین عدالتوں کو اس بات کا پابند کرتے ہیں کہ وہ اہم دستاویزات کا ترجمہ کریں، جن میں وہ حفاظتی احکامات شامل ہیں، جنہیں عام طور پر "محدود احکامات" کہا جاتا ہے، جو طلاق، تحویل، بچوں کی کفالت اور دیگر عائلی عدالت کی کارروائیوں کے دوران جاری کیے جاتے ہیں۔[148]

- **نگہداشتِ صحت۔** ہسپتال کے مریضوں کے حقوق کے قانون کے تحت، آپ کو اپنی تشخیص سے متعلق مکمل معلومات اور وہ تمام معلومات حاصل کرنے کا حق ہے جو ہسپتال میں کسی بھی علاج کے لیے باخبر رضامندی دینے کے لیے ضروری ہوں۔[149] اس سے مراد ہے کہ اگر آپ LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے مریض ہیں، تو ہسپتالوں پر لازم ہے کہ وہ مہارت یافتہ مترجم کی خدمات مہیا کریں تاکہ آپ کو ان معلومات کو سمجھنے میں مدد ملے۔[150] ہسپتالوں پر لازم ہے کہ وہ لسانی معاونت کا ایک پروگرام تیار کریں، ایسی پالیسیاں اختیار کریں جو اُن مریضوں کی نشاندہی کریں جنہیں لسانی معاونت درکار ہے، اور ایسے مواد تیار کریں جو یہ خلاصہ پیش کریں کہ لسانی معاونت کی مفت خدمات تک کیسے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔[151]

- فارمیسی کی شاخوں پر لازم ہے کہ وہ LEP کے حامل مریضوں کو زبانی تشریحی خدمات فراہم کریں اور نسخوں کے لیبلز اور دیگر تحریری مواد کے تراجم مہیا کریں۔[152]

- **ملازمت۔** اگر آپ نئے ملازم ہیں، تو آپ کا آجر لازمی طور پر آپ کو آپ کی بنیادی زبان میں آپ کی تنخواہ سے متعلق معلومات فراہم کرے گا۔[153] اگر آپ کام کے دوران زخمی ہو جائیں اور ریاست کے ورکرز کمپنسیشن بورڈ سے معلومات، خدمات، یا فوائد حاصل کرنا چاہیں، تو آپ کو اہم دستاویزات کے تراجم اور تشریح کی خدمات فراہم کی جانی چاہیئیں۔[154] مزید یہ کہ، ریاست کے انسانی حقوق کے قانون کے تحت، آپ کے آجر کے لیے یہ غیر قانونی ہے کہ وہ آپ کے ساتھ بطور ملازم یا ملازمت کے امیدوار آپ کی معذوری، قومی نسب، یا دیگر تحفظ یافتہ حیثیتوں کی بنیاد پر امتیاز برتے۔[155]

- **تعلیم۔** آپ اور آپ کے گھرانے کو اسکولوں میں زبان کی سہولت تک رسائی کے حقوق حاصل ہیں۔ سرکاری اسکول ڈسٹرکٹس انگریزی زبان کے متعلمین (ELL) کے لیے خصوصی انتظامات و خدمات مہیا کریں گے۔ ان انتظامات و خدمات میں ایسے پروگرامز شامل ہیں جو انگریزی بطور نئی زبان میں دولسانی تعلیم یا تدریس مہیا کرتے ہیں۔[156] علاوہ ازیں، اگر آپ ایک ELL طالب علم کے والد/والدہ ہیں، تو سرکاری اسکولوں پر لازم ہے کہ وہ آپ کے ساتھ ملاقات کریں اور آپ کی بنیادی زبان یا ذریعہ ابلاغ میں آپ کو اہم معلومات مہیا کریں۔[157] **چارٹر اسکولز** پر لازم ہے کہ وہ ELL طلباء کے لیے وہ خدمات مہیا کریں جو سرکاری اسکولوں کی جانب سے مہیا کردہ خدمات کے مماثل و مساوی ہوں۔[158]

  ریاست کے انسدادِ امتیاز کے قوانین **سرکاری اور نجی دونوں اسکولوں** میں آپ کے زبان کی سہولت تک رسائی کے حقوق کا تحفظ برقرار رکھتے ہیں۔ ان قوانین کے تحت اسکولوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کے لیے معقول انتظامات کریں اور آپ کے قومی نسب بشمول دیگر تحفظ تافتہ حیثیتوں کی بنیاد پر امتیاز برتنے کی ممانعت ہے۔[159]

  آپ اس گائیڈ کے "تعلیم میں زبان کی سہولت تک رسائی" نامی سیکشن میں زبان کی سہولت تک رسائی کے تحفظات برائے طلباء اور والدین کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

یہاں صرف چند پروگرامز، خدمات اور سرگرمیاں ہیں جن پر لازم ہے کہ وہ نیو یارک کے قانون کے تحت آپ کو زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات اور انتظامات مہیا کریں۔ دیگر قوانین کے تحت تقاضا کیا جاتا ہے کہ اہم دستاویزات اور معلومات کے تراجم مہیا کیے جائیں، جیسا کہ:

- رہن قرضہ جات اور ضبطِ جائیداد سے متعلقہ معلومات[160]
- سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے لیے خدمت کی شرائط[161]
- عصمت دری سے متاثرہ افراد کے لیے ہنگامی معالجہ[162]
- امیگریشن کی معاونتی خدمات کے معاہدے[163]

مل جل کر، یہ اور دیگر ریاستی قوانین زبان کی سہولت تک رسائی کے مستحکم حقوق و وسیلہ جات مہیا کرتے ہیں جنہیں وفاقی حکومت کی جانب سے چھینا نہیں جا سکتا یا ان سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔

وفاقی احکامات اور پالیسیاں

وفاقی احکامات اور پالیسیاں ریاستی و مقامی قوانین کے تحت نیو یارک میں زبان کی سہولت تک رسائی کے آپ کے حقوق کو متاثر نہیں کرتیں۔ [164] علاوہ ازیں، وفاقی قوانین آپ اور نیو یارک کے LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے لاکھوں افراد اور ریاست میں موجود وزیٹرز کو مسلسل اہم بنیادی تحفظات مہیا کرتے ہیں۔ صرف کانگریس کے پاس وفاقی قوانین کو تبدیل کرنے کا اختیار ہے، نہ کہ صدر یا وفاقی ایجنسیوں کے پاس۔

صدر کے پاس کون کون سے اختیارات موجود ہیں؟

امریکہ کے آئین کے تحت، کانگریس قانون بنانے کی ذمہ دار ہے اور صدر اس بات کو یقینی بنانے کا پابند ہے کہ ان قوانین کو "درست طور پر لاگو" کیا گیا ہو یا ان پر درست طریقے سے عملدرآمد ہو رہا ہو۔ [165] صدر کے اس اختیار کو استعمال کر سکنے کے طریقوں میں سے ایک یہ ہے کہ تحریری ہدایات جاری کی جائیں جنہیں ایگزیکٹیو آرڈرز کہا جاتا ہے جو کہ وفاقی ایجنسیوں اور دیگر کو آگاہ کرتے ہیں کہ وہ پالیسیوں اور دیگر کارروائیوں کی وساطت سے وفاقی قوانین کا کس طرح تشریح اور نفاذ ممکن بنائیں۔

وفاقی ایگزیکٹیو آرڈرز اور پالیسیاں۔

1 مارچ 2025 کو، صدر نے ایگزیکٹیو آرڈر پر دستخط کیے جس میں انگریزی کو امریکہ کی سرکاری زبان قرار دیا گیا ہے۔ اس آرڈر نے سابقہ ایگزیکٹیو آرڈر کو منسوخ کر دیا ہے جس میں ایجنسیوں کو زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات کو بہتر بنانے کی ہدایت دی گئی تھی۔ [166] مارچ 2025 کے آرڈر کے بعد سے، امریکی محکمہ برائے انصاف (DOJ) کی جانب سے وفاقی ایجنسیوں کو صدر کے آرڈر کو لاگو کرنے کی خاطر متعدد اقدامات انجام دینے کو کہا گیا۔ [167] ان اقدامات میں صرف انگریزی پر مبنی خدمات مہیا کرنا اور زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات دیتے وقت آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI) اور مشینی ترجمہ استعمال کر کے اخراجات کو کم کرنا شامل ہے۔

پالیسیوں میں ان تبدیلیوں سے زبان کی سہولت تک رسائی میں متعدد اہم طریقوں سے اثر پڑے گا۔ وفاقی ایجنسیوں کے اپنے مہیا کردہ پروگراموں میں LEP کے حامل افراد کے لیے زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات مہیا کرنے کی کوششوں کو کم کرنے کا امکان ہے۔ ایجنسیوں کا AI اور مشینی ترجمے پر بڑھتا ہوا انحصار ان لسانی رسائی کی خدمات کی درستگی کو کم کر سکتا ہے جو وہ اب بھی فراہم کرتی ہیں۔ مزید یہ کہ، وہ وفاقی ایجنسیاں جو روایتی طور پر زبان کی سہولت تک رسائی کے قوانین اور پالیسیوں پر عمل درآمد کرتی آئی ہیں، اپنے ان حقوق کے تحفظ کی کوششوں کو کم کر سکتی ہیں یا مکمل طور پر روک بھی سکتی ہیں۔ [168] یہ صرف کچھ طریقے ہیں جن سے وفاقی اقدامات آپ کے زبان کی سہولت تک رسائی کے حقوق کو متاثر کر سکتے ہیں، اور یہ رہنمائی ان سب کو شامل کرنے کی کوشش نہیں کرتی۔

اگرچہ یہ تبدیلیاں نمایاں ہیں، تاہم آپ اب بھی نیو یارک میں وفاقی، ریاستی اور مقامی قوانین کے تحت زبان کی سہولت تک رسائی کے ٹھوس حقوق رکھتے ہیں۔ آپ ان حقوق کے بارے اس گائیڈ کے دیگر سیکشنز میں جان سکتے ہیں۔

زبان کی سہولت تک رسائی کے کون سے تحفظات وفاقی قوانین اب تک مہیا کرتے ہیں؟

وفاقی قوانین LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کے لیے اہم حقوق و تحفظات مہیا کرتے رہتے ہیں۔ صرف کانگریس ان قوانین میں ترمیم یا انہیں منسوخ کر سکتی ہے نہ کہ صدر یا وفاقی ایجنسی۔[169]

وفاقی قوانین خدمات اور اداروں کے وسیع سلسلے میں زبان تک رسائی کی سہولت کے حقوق و تقاضے مہیا کرتے ہیں۔ کاروباری اداروں، آجران، ایجنسیوں اور دیگر اداروں پر لازم ہے کہ وہ خود پر لاگو ہونے والے وفاقی قوانین کی پیروی کریں۔ مثال کے طور پر، ایکٹ برائے معذوری کے شکار امریکی افراد (ADA) کے تحت آجران، سرکاری ایجنسیوں، آمدورفت کے فراہم کنندگان، طبی سہولیات اور دیگر کاروباری اداروں اور خدمات جو عوام الناس کے لیے خدمات پیش کرتی ہیں، پر لازم ہے کہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کے لیے معاون آلات و خدمات مہیا کریں۔[170]

وفاقی قوانین کے تحت، وفاقی اعانت موصول کرنے والے وصول کنندگان پر لازم ہے کہ زبان کی سہولت تک رسائی کی مخصوص خدمات مہیا کریں۔[171] وفاقی مالی اعانت کئی قسموں کی ہو سکتی ہے، بشمول گرانٹس، تربیتیں، آلات کا استعمال اور مدد کی دیگر اقسام۔ کچھ ادارے جن کو یہ اعانت موصول ہوتی ہے ان میں شامل ہیں:

- سرکاری اسکول
- ہاسپٹلز
- نرسنگ ہومز
- یونیورسٹیز اور کالجز
- پروگرام برائے خاندان و اطفال
- سرکاری و نجی کنٹریکٹرز اور سب کنٹریکٹرز
- ریاستی، کاؤنٹی اور مقامی ایجنسیاں

علاوہ ازیں، درجنوں وفاقی قوانین تقاضا کرتے ہیں کہ مخصوص حالات میں LEP، قوت سماعت سے محروم، اور اونچا سننے والے افراد کے لیے انتظامات مہیا کیے جائیں۔ یہ کچھ مثالیں ہیں:

- **تعلیم۔** ایکٹ برائے یکساں تعلیمی مواقع (EEOA) کے تحت، سرکاری اسکولوں پر لازم ہے کہ انگریزی زبان کے متعلمین (ELL) کے لیے یکساں تعلیمی مواقع مہیا کریں۔ [172] معذوریوں کے شکار افراد کی تعلیم کے ایکٹ (IDEA) کے تحت سرکاری اسکولوں سے تقاضا ہے کہ ایسی معاونتی خدمات مہیا کریں جو قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے طلباء کو مناسب تعلیمی پیش رفت کرنے دیں۔ [173] دیگر قوانین کے تحت وفاقی حکومت سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ ELL بچوں کے لیے دولسانی تعلیم اور دیگر خدمات کے لیے وسیلہ جات تفویض کرے۔ [174] آپ اس گائیڈ کے "تعلیم میں زبان کی سہولت تک رسائی" نامی سیکشن میں تعلیم سے متعلق زبان کی سہولت تک رسائی کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔
- **ووٹ ڈالنا۔** ایکٹ برائے ووٹ ڈالنے کے حقوق کے تحت ووٹ ڈالنے کے ایسے طریقہ ہائے عمل اور طریقہ کاروں کی ممانعت ہے جن سے لسانی اقلیتی گروپس کے ممبران کے خلاف امتیازی سلوک روا رکھا جا سکے۔ [175] قانون ان افراد کی تعریف ایسے بیان کرتا ہے کہ وہ "افراد جو امریکی انڈین، ایشیائی نژاد امریکی، الاسکائی مقامی باشندے یا ہسپانوی ورثے سے تعلق رکھتے ہوں۔" [176] علاوہ ازیں، یہ قانون LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے ووٹرز کو اپنے ساتھ کسی اور فرد کو لانے کی اجازت دیتا ہے جو انہیں ان کی مرضی سے ووٹ ڈالنے میں مدد دیں سکیں۔ [177]
- **نگہداشتِ صحت۔** ایکٹ برائے قابل استطاعت نگہداشت (ACA) وفاقی اعانت موصول کرنے والے پروگراموں اورسرگرمیوں پر پابندی عائد کرتا ہے کہ وہ معذوری یا قومی نسب کی بنیاد پر امتیازی سلوک روا رکھیں۔ [178] بعض حالات میں زبان پر مبنی امتیاز، قومی نسب پر مبنی امتیاز ہو سکتا ہے۔ [179] ACA کی طرح، ایکٹ برائے بحالی کے تحت وفاقی فنڈنگ موصول کرنے والے نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کو معاون سہولیات اور خدمات مہیا کریں۔ [180] ADA کی جانب سے تمام نجی و سرکاری نگہداشت صحت کی سہولت گاہوں اور فراہم کنندگان پر مماثل تقاضے لاگو کیے جاتے ہیں۔ [181] آپ نگہداشت صحت سے متعلقہ لسانی رسائی کے بارے میں مزید اس گائیڈ کے "طبی نگہداشت میں زبان کی سہولت تک رسائی" نامی سیکشن میں جان سکتے ہیں۔
- **رہائش۔** ایکٹ برائے منصفانہ رہائش (FHA) کے تحت LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کے ساتھ رہائش کی فروخت، کرایے یا مالیات میں امتیاز برتنے کی ممانعت ہے۔ [182]
- **سابقہ فوجیوں سے متعلق امور۔** ان علاقوں میں جہاں LEP کے حامل سابقہ فوجی بڑی تعداد میں ہوں، وہاں محکمہ برائے سابقہ فوجیوں سے متعلق امور پر لازم ہے کہ وہ اپنی طبی سہولیات اور آؤٹ ریچ خدمات میں زبان کی سہولت تک رسائی مہیا کرے۔ [183]
- **ملازمت۔** ADA کے تحت آجران پر لازم ہے کہ وہ قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے کارکنان کے لیے معقول انتظامات کریں۔ [184] دیگر وفاقی قوانین کے تحت معذوری اور قومی نسب کی بنیاد پر روزگار میں امتیاز برتنے کی ممانعت ہے۔ [185] پھر بھی دیگر قوانین کے تحت مخصوص وفاقی ایجنسیوں اور پروگراموں سے درکار ہے کہ وہ متعدد زبانوں میں ملازمت سے متعلقہ معلومات مہیا کریں۔ [186]

- **وفاقی عدالت کی کارروائیاں۔** LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کو وفاقی عدالت کی کارروائیوں میں سند یافتہ مترجم کا مہیا کیا جانا ضروری ہے۔ [187] اگر سند یافتہ مترجم موجود نہ ہو، تو اہل مترجم کی خدمات کی فراہمی ضروری ہے۔ [188]
- **سرکاری فوائد۔** فوڈ اسٹیمپ ایکٹ کے تحت، وہ ریاستی ایجنسیاں جو ایسے علاقوں میں SNAP فوائد کا انتظام اور فراہمی کرتی ہیں جہاں کم آمدنی والے LEP رکھنے والے گھرانوں کی بڑی تعداد موجود ہو، انہیں دولسانی مطبوعہ مواد اور عملہ استعمال کرنا لازم ہے۔ [189] ایسی ایجنسیاں جو حکومتی فوائد کا انتظام چلاتی ہیں اور انہیں مہیا کرتی ہیں، ان پر ADA کے رسائی پذیری کے تقاضوں کی تعمیل کرنا ضروری ہے۔
- **ایمرجنسی مینیجمنٹ اور آفات سے ریلیف۔** وفاقی قانون کے تحت بڑے پیمانے پر آفت یا ایمرجنسی کے بعد معذوری یا انگریزی کی مہارت کی بنیاد پر امتیازی سلوک روا رکھنے کی ممانعت ہے۔ [190] اس کا اطلاق سپلائی کی فراہمی، درخواستوں کی عمل کاری اور دیگر ریلیف اور امدادی سرگرمیوں پر ہوتا ہے۔ [191] فیڈرل ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی (FEMA) پر لازم ہے کہ وہ ریاستی اور مقامی حکومتوں کے ساتھ مل کر ہنگامی حالات اور بڑی آفات کی منصوبہ بندی میں LEP کے حامل آبادیاتی گروہوں کا خیال رکھے۔ [192] FEMA پر لازم ہے کہ وہ یقینی بنائے کہ ہنگامی حالات یا بڑی آفات سے متاثرہ افراد کو مہیا کی جانے والی معلومات LEP کے حامل، قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد سمجھ سکیں۔ [193] علاوہ ازیں، جہاں تک تکنیکی طور پر ممکن ہو، FEMA پر لازم ہے کہ وہ انٹیگریٹڈ پبلک الرٹ اینڈ وارننگ سسٹم کو اس طرح چلائے کہ وہ LEP کے حامل افراد اور معذوریوں کے شکار افراد تک وارننگ اور الرٹس پہنچا سکے۔ [194] یہ الرٹ اور وارننگ سسٹم وفاقی، ریاستی، قبائلی اور مقامی اتھارٹیز کو الرٹس اور وارننگز بھیجنے کا اختیار دیتا ہے۔
- **آمدورفت۔** ADA کے تحت آمدورفت کے فراہم کنندگان سے قوت سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے مسافروں کے لیے معاون آلات و خدمات مہیا کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ [195] اس تقاضے کا اطلاق عوامی ٹرانزٹ کے نظاموں کے ساتھ نجی ٹرانسپورٹیشن کے فراہم کنندگان پر بھی ہوتا ہے، جیسا کہ ٹیکسی، چارٹر بسیں اور ہوٹل شٹلز۔ اگرچہ ADA کا اطلاق ہوائی سفر پر نہیں ہوتا، [196] تاہم ایئر کیریئرز ایکسیس ایکٹ کے تحت ایئر کیریئرز کی جانب سے معذوری کی بنا پر امتیاز کی ممانعت ہے۔[197]

دیگر قوانین کے تحت مخصوص کاروباری اداروں اور ایجنسیوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ معلومات مختلف زبانوں میں مہیا کریں۔ [198]

اگر وفاقی حکومت ان قانونی تحفظات کے نفاذ کی کوششیں کم بھی کر دے، تب بھی نجی افراد، تنظیمیں، اور ریاستی اٹارنی جنرل کئی ایسے قوانین کے تحت قانونی چارہ جوئی کر سکتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ اہم خدمات، سرگرمیوں، اور اداروں تک رسائی حاصل رکھیں۔

شکایات

اگر آپ کو لگتا ہے کہ زبان کی سہولت تک رسائی کے آپ کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہے، تو آپ ریاستی، کاؤنٹی یا مقامی ایجنسی میں شکایت دائر کروا سکتے ہیں۔ آپ کی شکایت درج کروانے کے مناسب مقام کا انحصار واقعے کے مخصوص حالات پر ہو گا۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو زبان کی سہولت تک رسائی کی مناسب خدمات یا انتظامات مہیا نہیں کیے گئے تو براہ کرم درج ذیل ٹیبل سے رجوع کریں۔

مسئلہ

جیسا کہ ریاست کے قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کے تحت مطلوب ہے، پھر بھی کوئی **ریاستی ایجنسی** زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات مہیا کرنے میں ناکام ہو رہی تو، جیسا کہ اس گائیڈ کے "ترجمانی اور ترجمے کی خدمات تک رسائی" نامی سیکشن میں وضاحت کی گئی ہے۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے

دفتر کی لسانی رسائی سے متعلق شکایت فارم
(https://languageaccess.ny.gov/en-US)
کا استعمال کر کے نیو یارک کے دفتر برائے زبان کی سہولت تک رسائی
(https://ogs.ny.gov/office-language access) سے رابطہ کریں۔

مسئلہ

نیو یارک شہر کی ایجنسی شہر کے قانون کے تقاضے کے باوجود زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات مہیا کرنے میں ناکام رہی ہے۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے

311 یا 212-NEW-YORK (212-639-9675) پر کال کریں۔ آپ 311 کی معلوماتی ویب سائٹ
(https://portal.311.nyc.gov/article/?kanumber=KA-02630) پر مزید جان سکتے ہیں۔

311 تشریح کی خدمات پیش کرتی ہے۔ 311 کی معلومات کی فہرست سے رجوع کریں تاکہ آپ کال کرتے وقت تیار ہوں۔ آپ اپنی امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر شکایت درج کروا سکتے ہیں (https://www.nyc.gov/site/immigrants/language-needs/file-complaint.page)۔

مسئلہ

ریاست نیو یارک کی پولیس زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات یا انتظامات مہیا کرنے میں ناکام رہ گئی ہو۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے

ریاست کی پولیس کو براہ راست شکایت درج کروائیں (https://troopers.ny.gov/language access) یا دفتر برائے زبان کی سہولت تک رسائی سے دفتر کے شکایت فارم (https://languageaccess.ny.gov/en-US) کے ذریعے رابطہ کریں۔

مسئلہ

NYPD زبان کی سہولت تک رسائی کی مطلوبہ خدمات یا انتظامات مہیا کرنے میں ناکام رہ گئی ہو۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے

311 پر کال کریں یا 212-741-8401 پر کال کر کے یا IAB@NYPD.org پر ای میل کر کے NYPD کو شکایت درج کروائیں۔

مسئلہ

آپ کے ووٹ ڈالنے کے وقت، ووٹ ڈالنے کے عمل میں امتیازی سلوک کا سامنا کرنے پر آپ کا مقامی **بورڈ برائے الیکشنز** زبان کی سہولت تک رسائی کا مطلوبہ مواد مہیا کرنے میں ناکام رہا ہو۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے

OAG کے ووٹ ڈالنے کے حقوق کے سیکشن کو 212-416-9818 پر کال کریں یا OAG کے شکایت فارم (https://pcf.ag.ny.gov/form/CIVIL/natureofcomplaint-voting) کے ذریعے شکایت جمع کروائیں۔

مسئلہ

اگر آپ کو لگے کہ آپ نے **ریاست نیو یارک میں کسی بھی جگہ** ملازمت، رہائش، تعلیم یا کاروباری ادارے یا عوام الناس کے لیے دستیاب خدمت میں زبان کی بنیاد پر غیر قانونی امتیاز کا سامنا کیا ہے۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے انسانی حقوق (DHR) کو 844-NYS-DHR1 (844-697-3471) پر کال کریں یا DHR کے شکایت فارم (https://webapps.dhr.ny.gov/discrimination-report) کے ذریعے شکایت درج کروائیں۔

آپ OAG کے شکایت فارم (https://ag.ny.gov/file-complaint) کے ذریعے OAG میں شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

مسئلہ

اگر آپ کو لگے کہ آپ نے **نیو یارک شہر** میں رہائش، قرض لینے، ملازمت یا کاروباری ادارے یا عوام الناس کے لیے دستیاب خدمت میں زبان کی بنیاد پر غیر قانونی امتیاز کا سامنا کیا ہے۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے

آپ نیو یارک شہر کے کمیشن برائے انسانی حقوق (CCHR) کو CCHR کے شکایت فارم (https://www.nyc.gov/site/cchr/about/report-discrimination.page) کے ذریعے شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

مسئلہ

آپ کی کسی انشورنس کمپنی، بینک، اسٹوڈنٹ لون، رہن یا ضبطگی، بیل ایجنٹ، یا کسی دوسری مالیاتی سروس یا پروڈکٹ کے بارے میں **صارفی شکایت** ہے۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے مالیاتی خدمات کا شکایت فارم استعمال کر کے (https://www.dfs.ny.gov/complaint) شکایت درج کروائیں۔

مسئلہ

اگر آپ **ریاست نیو یارک کی عدالت** میں موجود ہیں تو درج ذیل میں سے کوئی بات آپ کے ساتھ پیش آتی ہے:

- عدالت مترجم کی تقرری میں ناکام رہتی ہے، یا تقرری میں تاخیر کا مظاہرہ کرتی ہے
- آپ کو ایسا مترجم تفویض کیا گیا ہے جو قابل نہیں ہے
- آپ کو تحریری مواد کا غلط ترجمہ دیا گیا ہے
- آپ کو عدالت میں اپنا ذاتی مترجم لانے کو کہا گیا ہے
- آپ کی جانب سے مترجم کی درخواست پر غیر منصفانہ سلوک کا سامنا ہوا ہے

کہاں شکایت درج کروائی جائے

ریاست نیو یارک کے متحدہ عدالتی نظام کے دفتر برائے زبان کی سہولت تک رسائی کو 646-386-5670 پر کال کر کے، interpretercomplaints@nycourts.gov پر ای میل کر کے شکایت درج کروائیں، یا ریاست نیو یارک کے متحدہ عدالتی نظام کے شکایت فارم (https://www.cognitoforms.com/NYSUnifiedCourtSystem/OCADivisionOf Technology/LanguageAccessComplaintForm) کے ذریعے شکایت جمع کروائیں۔

مسئلہ

ورکرز کمپنسیشن بورڈ نے آپ کو تشریح کی مناسب خدمات مہیا نہیں کیں یا دستیاب ترجمہ شدہ دستاویز کی فراہمی سے انکار کیا ہے۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے

ورکرز کمپنسیشن بورڈ کا شکایت فارم استعمال کر کے شکایت درج کروائیں۔ (https://languageaccess.ny.gov/en-US/?agency=WCB)۔

مسئلہ
آپ کے بچے کے **اسکول** نے زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات مہیا نہیں کیں۔

کہاں شکایت درج کروائی جائے
اگر آپ کا بچہ نیو یارک شہر سے باہر کسی سرکاری اسکول میں جاتا ہے، تو اپنے مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کے سپرنٹنڈنٹ کے پاس شکایت جمع کروائیں۔

اگر آپ کا بچہ نیو یارک شہر کے سرکاری اسکول میں داخل ہے، تو اپنے بچے کے لیے زبان کی سہولت تک رسائی کی خدمات سے متعلق شکایت درج کروانے کے لیے 718-935-2200 پر کال کریں۔ نیز آپ 311 پر کال کر کے آپریٹر کو بتا سکتے ہیں کہ تعلیم سے متعلقہ مسئلہ درپیش ہے۔ ٹیلیفون پر ترجمانی کی خدمت 200 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہے۔

اگر آپ نیو یارک شہر کے سرکاری اسکول (NYCPS) کے طالبعلم کے والد/والدہ یا سرپرست ہیں، آپ کو دستاویزات کے تراجم موصول نہیں ہوئے یا NYCPS کے ملازم کے ساتھ بات چیت کے دوران ترجمے کی خدمت موصول نہیں ہوئی، تو NYCPS کے شکایت فارم (https://forms.office.com/ Pages/ResponsePage.aspx?id=tyxJGEXvYUWFcQxC5fesB6ZjF0KTCvxMlSbfIl71QxlUQlg0T0lDQU1BQVE0N0dSMVRBMjdBVk0yViQlQCN0PWcu) کے ذریعے شکایت درج کروائیں۔

اگر آپ اپنے مقامی اسکول ڈسٹرکٹس یا NYCPS میں پہلے ہی شکایت درج کروا چکے ہیں اور آپ کا زبان کی سہولت تک رسائی کا مسئلہ حل نہیں ہوا، تو ریاست نیو یارک کے محکمہ تعلیم میں بذریعہ ای میل یا امریکی پوسٹل سروس شکایت درج کروائیں۔ ای میل کی سبجیکٹ لائن پر "COMPLAINT" لکھ کر CONAPPTA@nysed.gov پر ای میل بھیجیں یا اپنی شکایت ارسال کریں بنام:

New York State Education Department
Office of ESSA Funded Programs, Attention: Complaint Coordinator
Washington Ave., Room 320EB 89
Albany, New York 12234

شکایت کے طریقہ کار کے بارے میں مزید معلومات اور ہدایات کے لیے، ریاست نیو یارک کے محکمہ تعلیم کی ویب سائٹ (https://www.nysed.gov/essa/new-york-state-essa-funded-programscomplaint-procedures) سے رجوع کریں۔

آپ OAG کے شکایت فارم (https://ag.ny.gov/file-complaint) کے ذریعے OAG میں شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

مذکورہ بالا وسیلہ جات کے علاوہ ریاست نیو یارک بھر کے متعدد شہروں اور کاؤنٹیوں کے اپنے شکایت فارمز موجود ہیں۔

البنی
518-434-5296 پر کال کریں یا eeo@albanyny.gov پر ای میل کریں۔

روچیسٹر
کوآرڈینیٹر کا فون نمبر اور ای میل ایڈریس شہر کی ویب سائٹ پر درج ہے
(https://www.cityofrochester.gov/language access-plan)

مونرو کاؤنٹی
مونرو کاؤنٹی کے منصوبہ برائے زبان کی سہولت تک رسائی کا شکایت فارم
(https://www.monroecounty.gov/dei-language) استعمال کریں۔

نساؤ کاؤنٹی
نساؤ کاؤنٹی کی زبان کی سہولت تک رسائی کا شکایت فارم استعمال کریں۔
(https://app.nassaucountyny.gov/ca/complaint/lap.php)۔

اونونڈاگا کاؤنٹی
اونونڈاگا کاؤنٹی کے کمیشن برائے انسانی حقوق کا شکایت فارم (https://onondaga.gov/humanrights/complaintform) استعمال کریں۔

سافک کاؤنٹی
سافک کاؤنٹی کا شکایت فارم استعمال کریں جو متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔
(https://www.suffolkcountyny.gov/Departments/SocialServices/Language access-plan)

ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی
ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے کمیشن برائے انسانی حقوق کو 914-995-9500 پر کال کر کے یا humanrights@westchestercountyny.gov پر ای میل کر کے شکایت درج کروائیں۔

حوالہ جات

1 ریاست نیو یارک میں موجود ہسپتالوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ LEP، سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کو ان پیشنٹ، آؤٹ پیشنٹ اور ایمرجنسی خدمات کی جگہوں پر مہارت یافتہ ترجمے کی خدمت مہیا کریں۔ N.Y .Pub .Health Law § 2803-bb; N.Y .Comp .Codes R. & Regs .(NYCRR) Tit. 10 § 405.7(b)(1)۔ نیو یارک کے ہسپتالوں پر یہ بھی لازم ہے کہ وہ مریضوں کو مفت لسانی مدد کی خدمات کی دستیابی سے آگاہ کرنے والی علامتیں/بورڈز لگائیں اور ہر مریض کی زبان کی ترجیحات اور ضروریات کی شناخت کریں اور ان کا ریکارڈ رکھیں۔ N.Y .Pub Health Law § 2803-bb(5)–(7); 10 NYCRR §. 405.7(a)(7)(v)-(vii)۔ فارمیسی کے LEP کے حامل صارفین نیو یارک میں واقع ایک ہی مالک کے تحت آٹھ یا اس سے زائد کے گروپ میں شامل فارمیسیوں میں نسخہ جاتی لیبلز اور دیگر تحریری مواد کے مفت، قابلِ اعتماد زبانی ترجمے کی خدمات اور ترجمے حاصل کرنے کے مستحق ہیں۔ (N.Y .Educ Law § 6829(1) (a), (2)(a)۔ یہ فارمیسیاں، نیز میل آرڈر فارمیسیاں، LEP کے حامل صارفین کو نسخے کی ادویات کے بارے میں مشورہ دیتے وقت اور صارفین کو وارننگ لیبلز، ادویات کے لیبلز یا دیگر تحریری مواد فراہم کرتے وقت تشریحی اور ترجمے کی خدمات بھی لازماً فراہم کریں۔ 8 NYCRR § 63.11(b)

2 ملاحظہ کریں N.Y. کا دفتر برائے خدماتِ عامہ اورN.Y. محکمہ برائے موٹر گاڑیاں، زبان کی سہولت تک رسائی منصوبہ برائے انگریزی کی محدود مہارت کے حامل افراد، https://ogs.ny.gov/system/files/documents/2024/11/nys-lap-2024_dmv.pdf۔ DMV "مندرجہ ذیل کاؤنٹیز میں 31 عوامی دفاتر (ریاستی DMVs) چلاتا ہے: البنی، برونکس، کنگز، نساؤ، نیو یارک، اونونڈاگا، کوئینز، رچمنڈ، راکلینڈ، سافک اور ویسٹ چیسٹر۔ باقی کاؤنٹیز میں 100 عوامی دفاتر ہیں جو کاؤنٹی کلرکس (کاؤنٹی DMVs) چلاتے ہیں، جو DMV کے ایجنٹس کے طور پر کام کرتے ہیں، لیکن "وہ قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کے تحت نہیں آتے۔" دفتر برائے N.Y. ریاستی محتسبِ اعلیٰ، رپورٹ 2024-F-33، محکمہ برائے موٹر گاڑیاں: زبان کی سہولت کی خدمات تک رسائی، 10 اپریل 2025،https://www.osc.ny.gov/files/stateagencies/audits/pdf/sga-2025-24f33.pdf , صفحہ 1۔

3 N.Y. Exec. Law § 202-a(1)۔ آپ اس گائیڈ میں موجود سیکشن "ترجمانی اور ترجمے کی خدمات تک رسائی" میں ان حقوق کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

4 نیو یارک شہر کے قانون کے مطابق وہ شہری ایجنسیاں جو خدماتِ عامہ براہِ راست فراہم کرتی ہیں، کم از کم 100 زبانوں میں ٹیلیفون پر ترجمانی کی سہولت فراہم کرنے کی پابند ہیں۔ N.Y.C. ایڈمن۔ Code, 23-1101§ اور دیگر۔ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹو آرڈر نمبر 1 برائے 2019 کے مطابق وہ کاؤنٹی محکمہ جات جو خدماتِ عامہ براہِ راست فراہم کرتے ہیں، ان افراد اور محکموں کے درمیان ترجمانی کی خدمات فراہم کرنے کے پابند ہیں جو خدمات یا فوائد اپنی بنیادی زبان میں حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ یہ محکمہ جات کو ترجمانی کے لیے ترجمے کے آن لائن ٹولز کے استعمال، "دیگر کلائنٹس یا غیر رسمی ترجمان کی خدمات کے استعمال"، اور کلائنٹس کے افراد خانہ پر "ترجمے کے بنیادی ذریعے" کے طور پر انحصار کرنے کو ممنوع قرار دیتا ہے، تاہم یہ کمیونٹی پر مبنی تنظیموں اور خدمت کے فراہم کنندگان کی جانب سے کسی فرد کی بطور مترجم خدمات حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹو آرڈر نمبر 10 برائے 2012 کے مطابق وہ کاؤنٹی ایجنسیاں جو کاؤنٹی ایگزیکٹو کے تحت آتی ہیں اور خدمات عامہ براہِ راست فراہم کرتی ہیں، وہ دیگر تقاضوں کے ساتھ ساتھ افراد اور ایجنسی کے درمیان ان کی بنیادی زبان میں خدمات یا فوائد فراہم کرنے کے سلسلے میں اہل ترجمانی کی خدمات فراہم کرنے کی پابند ہیں۔ یہ ایگزیکٹیو آرڈر 2018 میں قانون کی شکل اختیار کر گیا جب سافک کاؤنٹی کی مقننہ نے سافک کاؤنٹی کا مقامی قانون 16، سافک کاؤنٹی منظور کیا۔ ایڈمن۔ مقامی قوانین، باب 143۔ نساؤ کاؤنٹی کے ایگزیکٹو آرڈر نمبر 72 برائے 2013 کے مطابق وہ کاؤنٹی محکمہ جات جو عوام کو براہِ راست خدمات فراہم کرتے ہیں، "محکمے اور پروگرام یا خدمت کے وصول کنندہ اور/یا شریک کار کے درمیان اس کی بنیادی زبان میں اہل ترجمانی کی خدمات فراہم کرنے" کے پابند ہیں، چاہے یہ کام کسی کاؤنٹی کے دولسانی ملازم کے ذریعے ہو یا پھر دستیاب ترجمانی سروس کے ذریعے ہو۔

5 42 U.S.C. § 5151(a)۔

6 قانون برائے مریض کا تحفظ اور قابل استطاعت نگہداشت (Affordable Care Act, ACA) کسی بھی فرد کو یا تو وفاقی ایگزیکٹو ایجنسی کے ذریعے چلائے جانے والے یا وفاقی مالی امداد موصول کرنے والے صحت کے پروگرام یا سرگرمی میں شرکت سے روکنے، فوائد سے محروم کرنے، یا امتیازی سلوک روا رکھنے سے منع کرتا ہے۔ 42 U.S.C. § 18116(a) ۔ LEP کے حامل افراد جب اہل صحت کے پروگراموں یا سرگرمیوں، بشمول Medicare اور Medicaid تک رسائی حاصل کرنا چاہ رہے ہوں تو وہ زبان کی سہولت کی مفت، درست اور فوری خدمات تک رسائی کے مستحق ہیں۔ 45 C.F.R. § 92.201(a), (b)۔ معذور افراد کو بھی، جہاں ضروری ہو، معاون آلات و خدمات فراہم کی جانی چاہیئیں تاکہ وہ افراد صحت کے کسی پروگرام یا سرگرمی میں شرکت کر سکیں اور اس کے فوائد سے مستفید ہو سکیں۔ یہ معاونتیں بلامعاوضہ، رسائی پذیر فارمیٹس اور بروقت مہیا کی جانا لازم ہیں۔ Id. § 92.202(b)۔

7 فوڈ اسٹیمپ ایکٹ (FSA) کے تحت SNAP چلانے والی ہر ریاستی ایجنسی، بشمول کاؤنٹی سطح کے مقامی دفاتر جو ریاست کی جانب سے یہ پروگرام چلاتے ہیں، پر یہ لازم ہے کہ وہ اُن علاقوں میں جہاں کم آمدنی والے ایسے گھرانوں کی بڑی تعداد ہو جو انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولتے ہوں، پروگرام کے انتظام و انصرام کے لیے مناسب دولسانی عملہ اور مطبوعہ مواد استعمال کریں۔ 7 U.S.C. § 2020(e)(1)(B)؛ ملاحظہ کریں Haskins v. Stanton, 621 F. Supp. 622, 628 (N.D. Ind. 1985) (یہ نتیجہ اخذ کرتے ہوئے کہ مدعیان کا یہ دعویٰ کہ ریاستی اور کاؤنٹی ایجنسیز نے FSA کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مناسب دولسانی عملہ استعمال نہیں کیا غالباً کامیاب ہونے والا تھا)، aff'd, 794 F.2d 1273 (7th Cir. 1986)۔ اگرچہ بعض عدالتوں نے طے کیا کہ FSA کے تحت ذاتی طور پر دعویٰ دائر کرنے کا کوئی حق نہیں ہے،ملاحظہ کریں Almendares v. Palmer, 284 F. Supp. 2d 799, 808 (N.D. Ohio 2003)، تاہم ساتویں اور پانچویں سرکٹ عدالتوں نے اس قانون کے تحت ریاستی عہدیداروں کے خلاف نجی طور پر دعویٰ دائر کرنے کے حق کو تسلیم کیا ہے، ملاحظہ کریں Haskins، 794 F.2d at 1274 (applying Cort v. Ash, 422 U.S. 66 (1975)، اور نجی چارہ کار اخذ کرتے ہوئے)؛ Victorian v. Miller, 813 F.2d 718, 724 (5th Cir. 1987); ملاحظہ کریں Owen v. CDPU, No. 21-CV-628-WMC, 2022 WL 203476, at صفحہ 2 (W.D. Wis. جنوری 24, 2022) (Haskins کا حوالہ دیتے ہوئے)۔ نیو یارک میں ریاستی قواعد و ضوابط کے مطابق تمام SNAP درخواست دہندگان کو اپنے پروگرام کے حقوق اور ذمہ داریوں سے آگاہ کیا جانا ضروری ہے، اور یہ کہ جہاں مناسب ہو، ایسی معلومات انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی فراہم کی جانی چاہیئیں۔ 18 NYCRR § 387.2(t)۔

8 "سماجی خدمات کا کوئی ضلع یا عہدیدار کوئی بھی پالیسی یا طریقہ کار قائم یا نافذ نہیں کرے جو کسی فرد کی نسل، رنگت، قومی نسب، عمر، جنس، مذہب یا معذوری کی وجہ سے امتیاز کا اثر رکھتا ہو۔ یہ پابندی تمام امداد، نگہداشت، خدمات، فوائد یا مراعات پر لاگو ہو گی جو براہِ راست یا بالواسطہ اُن دیگر ایجنسیوں، تنظیموں یا اداروں کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں، جو معاہداتی یا دیگر انتظامات کے تحت حصہ لے رہے ہوں۔" 18 NYCRR § 303.1۔ نیو یارک کے دفتر برائے عارضی و معذوری میں امداد (Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) کی ایڈمنسٹریٹو ڈائریکٹو 06-ADM-05 سماجی خدمت کے اضلاع کو عارضی امداد، فوڈ اسٹیمپس، اور ہوم انرجی اسسٹنس پروگرام کے تحت مدد کے لیے درخواست دینے والے LEP، سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کو ترجمے، مترجمین، اور دیگر معاون آلات اور خدمات فراہم کرنے کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ ملاحظہ کریں OTDA, Admin. Directive 06-ADM-05, معذوریوں کے شکار افراد اور/یا انگریزی کی محدود مہارت کے حامل افراد (LEP) کو عارضی اعانت کے پروگراموں تک رسائی مہیا کرنا، ، نظرثانی شدہ 27 اپریل 2006، https://otda.ny.gov/policy/directives/2006/ADM/06-ADM-05.pdf؛ نیز ملاحظہ کریں OTDA، معلوماتی خط 17-INF-14، زبان کی سہولت تک رسائی برائے انگریزی زبان میں محدود مہارت کے حامل افراد(LEP)، 19 دسمبر 2017، https://otda.ny.gov/policy/directives/2017/INF/17-INF-14.pdf (سماجی خدمت کے اضلاع کی LEP کے حامل افراد کو قابل مترجم فراہم کرنے کی قانونی ذمہ داری کو دوبارہ واضح کرتے ہوئے، اور یہ انتباہ کرتے ہوئے کہ اضلاع کو درخواست دہندہ یا وصول کنندہ کے خاندان کے افراد یا دوستوں پر ترجمانی کے لیے انحصار نہیں کرنا چاہیئے، سوائے اس کے کہ وہ "آخری چارۂ کار کے طور پر" استعمال ہوں)۔

9 "جب سماعت سے محروم یا اونچا سننے والا کوئی فرد کسی بھی قسم کی قانونی کارروائی میں فریق ہو یا اس میں گواہ ہو یا جیوری کا رکن یا جیوری کا ممکنہ رکن ہو، تو عدالت بہرصورت اہل مترجم کی خدمات حاصل کرے گی تاکہ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے ایسے فرد کو کارروائی کا اور لیے جانے والے حلف کا ترجمہ بتایا جا سکے۔" .N.Y Judiciary Law § 390(1)؛ نیز ملاحظہ کریں id. § 387 ("اگر کسی عدالت میں مترجم کی خدمات درکار ہوں اور وہاں کوئی سرکاری مترجم موجود نہ ہو، تو عدالت اس عدالت میں عارضی طور پر کام کرنے کے لیے ایک ترجمان کا تقرر کر سکتی ہے۔")۔ ریاستی ضوابط ترجمان کی خدمات حاصل کرنے کا حق ریاست کی فوجداری و دیوانی عدالتی کارروائیوں میں ملوث LEP کے حامل فریقین اور گواہوں تک بڑھاتے ہیں، اور عائلی عدالت کی کارروائیوں میں یہ حق نابالغ فریقین کے LEP کے حامل والدین اور سرپرستگان تک بڑھاتے ہیں۔ 22 NYCRR § 217.1(a) ("تمام دیوانی و فوجداری مقدمات میں، جب عدالت اس نتیجے پر پہنچتی ہے کہ کوئی فریق یا گواہ، یا عائلی عدالت کی کارروائیوں میں نابالغ فریق کے متعلقہ والدین یا سرپرست، اگر وہ انگریزی کو اس حد تک سمجھنے اور اس میں بات چیت کرنے سے قاصر ہوں کہ عدالتی کارروائی میں مؤثر طویقے سے حصہ نہ لے سکیں، تو عدالت کا کلرک یا کوئی دوسرا نامزد انتظامی افسر بغیر کسی خرچ کے ایک مترجم کا انتظام کرے گا جو ٹیلیفون کے ذریعے یا براہ راست آڈیو ویژوئل ذرائع سے ترجمانی کی خدمات مہیا کرے گا۔")۔

علاوہ ازیں، امریکی آئین کی چودھویں ترمیم یعنی منصفانہ کارروائی کا جزو (Due Process Clause) اور چھٹی ترمیم یعنی گواہی کا سامنا کرنے کا جزو (Confrontation Clause) عدالتوں کو اس بات کا پابند بناتے ہیں کہ وہ LEP، سماعت سے محروم، اور اونچا سننے والے فوجداری ملزمان کو ایسے مترجم فراہم کریں جو انہیں اپنے دفاع میں مؤثر طور پر حصہ لینے کے قابل بنائیں اور جب عدالت کو مدعا علیہ کی لسانی رکاوٹوں کا علم ہو تو انہیں مخالف گواہوں کا جرح کے ذریعے سامنا کرنے کا حق بھی فراہم کریں۔
U.S. ex rel. Negron v. State of N.Y., 434 F.2d 386, 389–91 (2d Cir. 1970); People v. DeArmas, 106 A.D.2d 659, 660 (2d Dep't 1984)("ٹرائل کورٹ کا یہ فیصلہ مقدمے کے دوران ملزم کے سرکاری عدالتی ترجمان کی خدمات استعمال کرنے کو محدود کرتا ہے، اور اسے اپنے وکیل کے ساتھ میز پر بیٹھنے کے لیے اپنا ذاتی مترجم حاصل کرنے کا موقع نہیں دیتا، اس کے نتیجے میں ملزم کو قانون کے تحت منصفانہ کارروائی اور مؤثر قانونی معاونت سے محروم کر دیا گیا۔")۔ تاہم ملاحظہ کریں People v. Ramos 26 N.Y.2d 272, 274(1970) ("ترجمان کی خدمت حاصل کرنے کا حق اس وقت چھن سکتا ہے جب مدعا علیہ، یا اس کا اٹارنی کسی مناسب طریقے سے ٹرائل کورٹ کی توجہ اس حقیقت کی طرف مبذول نہ کروائے کہ ملزم کو انگریزی زبان کی مناسب سمجھ حاصل نہیں ہے۔")۔ "ریاستی عدالتیں یہ بھی اعتراف کرتی ہیں کہ ترجمان کی خدمات اس لیے بھی ضروری ہیں کہ دیوانی مقدمات میں معنی خیز شرکت کو یقینی بنایا جا سکے۔" (Matter of Lizotte v. Johnson, .4 Misc .3d 334, 342 (Sup .Ct., N.Y .Cnty 2004)۔

10 22 NYCRR § 217.1(a)۔

11 قبل از مقدمہ اور گرینڈ جیوری کی کارروائیوں سمیت، امریکی ضلعی عدالتوں میں تمام فوجداری یا دیوانی عدالتی کارروائیوں کی صورت میں ایکٹ برائے عدالتی مترجمین (Court Interpreters Act) متقاضی ہے کہ ہر اس فریق یا گواہ کو مترجم کی خدمات فراہم کی جائیں جو "انگریزی کے علاوہ کسی اور زبان میں بات کرتا ہو یا بنیادی طور پر وہی زبان سمجھتا ہو" یا "قوتِ سماعت سے اس حد تک محروم ہو کہ کارروائی صحیح طور پر نہ سمجھ پائے یا اپنے وکیل یا کارروائی کی صدارت کرنے والے عدالتی افسر سے مؤثر انداز میں بات چیت نہ کر سکے، یا اس حد تک بے بس ہو کہ سوالات کو سمجھنے اور اپنی گواہی مؤثر طریقے سے پیش کرنے میں مشکل محسوس کرے۔ 28 U.S.C. § 1827(d)(1). "[T] عدالتی کارروائیوں کے مناسب ترجمے کا عمومی معیار اس بات کا متقاضی ہے کہ مقدمے سے متعلقہ ہر چیز کا مسلسل اور لفظ بہ لفظ ترجمہ اس طرح دستیاب بنایا جائے کہ جس طرح انگریزی زبان سے واقف مدعا علیہ سننے کا حق رکھتا ہو۔" (United States v. Joshi, 896 F.2d 1303, 1309 (11th Cir. 1990۔ فیڈرل رول آف سول پروسیجر(d)43 مزید یہ فراہم کرتا ہے کہ عدالت گواہ سے شہادت کا بیان لیتے وقت "اپنی مرضی کا مترجم مقرر کر سکتا ہے"۔ فیڈرل رول آف سول پروسیجر 28 اسی طرح وفاقی عدالتوں کو یہ اختیار تفویض کرتا ہے کہ وہ فوجداری کارروائیوں کے لیے خودمختار ترجمان کا تقرر کرے۔
LEP، سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے فوجداری مدعا علیہان کے مترجم کی خدمات حاصل کرنے کے حق کو امریکی آئین کی پانچویں ترمیم یعنی منصفانہ کارروائی کے جزو اور چھٹی ترمیم یعنی گواہی کا سامنا کرنے کے جزو سے مزید تحفظ حاصل ہے۔ U.S. v. Si, 333 F.3d 1041, 1042–43 (9th Cir. 2003)؛ ملاحظہ کریں U.S. v. Mosquera, 816 F. Supp. 168, 175 (E.D.N.Y. 1993) (یہ قرار دیتے ہوئے کہ آئین دستاویزات کے ترجمے کو لازمی قرار دیتا ہے)۔

12 غیر شہریوں کو پانچویں ترمیم یعنی منصفانہ کارروائی کے تحت یہ حق حاصل ہے کہ جب امیگریشن عدالت کی فیصلہ ساز کارروائیوں، جیسا کہ بے دخلی یا پناہ گزین کی کارروائیوں میں مکمل و منصفانہ سماعت کو سمجھنے کی ان کی صلاحیت میں زبان کی رکاوٹیں حائل ہو سکتی ہوں، تو انہیں ایک قابل مترجم فراہم کیا جائے۔ Amadou v. I.N.S., 226 F.3d 724, 726–27 (6th Cir. 2000)؛ ملاحظہ کریں Abdullah v. I.N.S., 184 F.3d 158, 164 (2d Cir 1999)۔ (فیصلہ کیے بغیر فرض کرتے ہوئے کہ غیر شہریوں کو ترجمے کی خدمات حاصل کرنے کا حق ہے جب وہ ملک میں اپنی موجودگی کی قانونی حیثیت کا "دفاع" کر رہے ہوں، لیکن اس وقت نہیں جب وہ سرحد پر داخل ہونے کی "درخواست" کر رہے ہوں (اصل متن پر زور دیا گیا ہے))۔ مزید یہ کہ امیگریشن ججز کو یہ یقینی بنانے کے لیے "مناسب اقدامات کرنے ہوں گے کہ آیا ترجمے کی خدمات" کی ضرورت ہے یا نہیں، تاکہ پناہ کی درخواستوں، بے دخلی کی روک تھام، اور برخلاف تشدد کنونشن (Convention Against Torture) کے تحت مدد جیسے معاملات میں مکمل اور منصفانہ سماعت کو یقینی بنایا جا سکے۔
B.C. v. Att'y Gen. U.S., 12 F.4th 306, 313–14 (3d Cir. 2021)۔

13 N.Y. ایڈمن۔ Pro. Act § 301(6) ("جب سماعت سے محروم کوئی فرد کسی ایجنسی کے روبرو فیصلہ ساز کارروائیوں میں فریق ہو، یا ان میں گواہ ہو، تو وہ ایجنسی تمام حالات و واقعات میں ایسے اہل مترجم کا تقرر کرے گی، جو کہ سماعت سے محروم اس فرد کو ان کارروائیوں کی تفصیل اور گواہی کا ترجمہ فراہم کرنے کی خاطر معروف قومی یا نیو یارک کی ریاستی مستند اتھارٹی سے سند یافتہ ہو۔")۔

14 N.Y. کا دفتر برائے خدماتِ عامہ، انگریزی کی محدود مہارتوں کے حامل افراد کے لیے زبان کی سہولت تک رسائی کا منصوبہ (N.Y. ریاستی پولیس)، 1 اکتوبر 2024 https://ogs.ny.gov/system/files/documents/2024/10/nys-lap-2024_nysp.pdf، صفحہ 5–7، 9–10۔

15 Id۔

16 Id۔ صفحہ 9-10۔

17 N.Y.C. ایڈمن۔ Code § 14-173۔

18 N.Y. Exec. Law § 259-i(7)–(8) (انٹرویو، پیرول پر رہائی کی سماعت، ابتدائی سماعت یا استرداد سے متعلق سماعت میں شرکت کرنے والے سماعت سے محروم یا LEP کے حامل فرد کے لیے اہل مترجم کی تقرری کا تقاضا کرتا ہے)۔

19 اگر آپ کو اس وجہ سے ووٹ کاسٹ کرنے میں مدد درکار ہے کہ آپ LEP کے حامل، سماعت سے محروم، اونچا سننے والے فرد ہیں یا بصورت دیگر انگریزی پڑھنے یا لکھنے میں آپ کو مشکل درپیش ہے، تو آپ ووٹ کاسٹ کرنے میں اپنی مدد کے لیے کسی فرد کو ہمراہ لا سکتے ہیں۔ ووٹ ڈالنے میں مددگار فرد کا امریکی شہری، رجسٹر شدہ ووٹر، حتیٰ کہ بالغ ہونا ضروری نہیں ہے، تاہم وہ آپ کا آجر، آپ کے آجر کا نمائندہ، یا آپ کے یونین کا آفیسر یا نمائندہ نہیں ہو سکتا۔ 52 U.S.C. § 10508؛ ملاحظہ کریں Arkansas United v. Thurston, 517 F. Supp. 3d 777, 786 (W.D. Ark. 2021) (یہ قرار دیا گیا کہ 52 U.S.C. § 10508 کا اطلاق LEP کے حامل ووٹرز پر ہوتا ہے)۔ ووٹ ڈالنے میں آپ کا مددگار شخص آپ کو ووٹ ڈالنے کے پورے عمل کے دوران مدد دے سکتا ہے، اس میں ووٹ ڈالنے سے پہلے اور بعد کا مرحلہ اور ووٹنگ بوتھ کے اندر مدد دینا شامل ہے۔ 52U.S.C. 10310(c)(1); OCA-Greater Houston v. Texas, 867 F.3d 604, 614–15 (5th Cir. 2017)۔ آپ کو مدد دینے سے قبل، آپ کے مددگار کو حلف اٹھانا پڑ سکتا ہے کہ وہ آپ پر کسی بھی طرح کا ناجائز اثر و رسوخ نہیں ڈالے گا۔ N.Y Elec. Law § 8-306(5). NYC. شہری شمولیت کا کمشن (NYC Civic Engagement Commission, NYCCEC) الیکشنز کے دوران LEP کے حامل افراد کو زبان کی سہولت کی خدمات مہیا کرتا ہے۔ NYCCEC کا ووٹر کے لیے لسانی معاونت کا پروگرام منتخب پول سائٹس پر درج ذیل زبانوں میں ترجمے کی خدمات مہیا کرتا ہے: عربی، بنگالی، چینی (کینٹونیز، مینڈرین)، فرانسیسی، ہیٹی کریول، اطالوی، کوریائی، پولش، روسی، اردو، یدش۔ ملاحظہ کریں NYCCEC، اگلے الیکشنز اور ووٹر کے لیے لسانی معاونت کی خدمات، https://www.nyc.gov/site/civicengagement/our-programs/poll-site-language access.page؛ نیز ملاحظہ کریں OAG، ووٹنگ کے وسیلہ جات: لسانی معاونت کی رہنمائی، https://ag.ny.gov/voting-resources#language۔

20 فارمیسی کے LEP کے حامل صارفین نیو یارک میں واقع ایک ہی مالک کے تحت آٹھ یا اس سے زائد کے گروپ میں شامل فارمیسیوں میں نسخہ جاتی لیبلز اور دیگر اہم تحریری مواد کے مفت، قابلِ اعتماد زبانی ترجمے کی خدمات اور ترجمے حاصل کرنے کے مستحق ہیں۔ N.Y .Educ Law § 6829(1)(a), (2)(a)۔ یہ فارمیسیاں، اور میل آرڈر فارمیسیاں، LEP کے حامل صارفین کو نسخے کی ادویات کے بارے میں مشورہ دیتے وقت اور صارفین کو وارننگ لیبلز، ادویات کے لیبلز یا دیگر تحریری مواد فراہم کرتے وقت تشریح اور ترجمے کی خدمات بھی لازماً فراہم کریں۔ 8 NYCRR § 63.11(b)-(b)63.11 §۔ ترجمے کی خدمات "LEP کے حامل افراد کی ترجیحی بنیادی زبان میں فراہم کی جانی چاہیئیں جو وہ فارمیسی میں استعمال کرتے ہیں"۔

21 10 NYCRR § 405.7(a)(7)(v)(vii), (b)(1)؛ نیز ملاحظہ کریں N.Y. Pub. Health Law § 2803-bb ریاست نیو یارک کے ہسپتالوں پر لازم ہے کہ وہ سالانہ جائزہ انجام دیں تاکہ اپنے سروس ایریا کی آبادی میں ایسے LEP گروپس کی شناخت کر سکیں جو کُل آبادی کا ایک فیصد سے زیادہ ہوں۔ شناخت کردہ زبانوں کے لیے، ہسپتالوں پر لازم ہے کہ ہسپتال کے مخصوص فارمز اور ہدایات کا ترجمہ پیش کریں۔ N.Y .Pub Health Law § 2803-bb; 10 NYCRR § 405.7(a)(x)۔

22 ملاحظہ کریں N.Y. کا دفتر برائے خدماتِ عامہ اورN.Y. محکمہ برائے موٹر گاڑیاں، زبان کی سہولت تک رسائی کا منصوبہ برائے انگریزی کی محدود مہارت کے حامل افراد، https://ogs.ny.gov/system/files/documents/2024/11/nys-lap-2024_dmv.pdf۔ DMV "مندرجہ ذیل کاؤنٹیز میں 31 عوامی دفاتر (ریاستی DMVs) چلاتا ہے: البنی، برونکس، کنگز، نساؤ، نیو یارک، اونونڈاگا، کوئینز، رچمنڈ، راکلینڈ، سافک اور ویسٹ چیسٹر۔ باقی کاؤنٹیز میں 100 عوامی دفاتر ہیں جو کاؤنٹی کلرکس (کاؤنٹی DMVs) چلاتے ہیں، جو DMV کے ایجنٹس کے طور پر کام کرتے ہیں، لیکن "وہ قانون برائے زبان کی سہولت تک رسائی کے تحت نہیں آتے۔" دفتر برائے N.Y. ریاستی محتسبِ اعلیٰ، رپورٹ 2024-F-33، محکمہ برائے موٹر گاڑیاں: زبان کی سہولت کی خدمات تک رسائی، 10 اپریل 2025، https://www.osc.ny.gov/files/stateagencies/audits/pdf/sga-2025-24f33.pdf , صفحہ 1۔

23 N.Y. Exec Law § 202-a(1). آپ اس گائیڈ میں موجود سیکشن "ترجمانی اور ترجمے کی خدمات تک رسائی" میں ان حقوق کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

24 نیو یارک شہر کے قانون کے مطابق وہ شہری ایجنسیاں جو براہ راست خدمات عامہ فراہم کرتی ہیں، اپنی سب سے زیادہ تقسیم کی جانے والی دستاویزات کو ہسپانوی، چینی، روسی، بنگالی، ہیٹی کریول، کوریائی، عربی، اردو، فرانسیسی، اور پولش زبانوں میں ترجمہ کریں۔ N.Y.C. ایڈمن۔ Code, § 23-1101 et seq۔ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی ایگزیکٹیو آرڈر نمبر 1 برائے 2019 کاؤنٹی کے براہ راست خدماتِ عامہ مہیا کرنے والے محکمہ جات کو اس بات کا پابند کرتا ہے کہ وہ اہم دستاویزات کا ترجمہ ہسپانوی، اطالوی، چینی، فرانسیسی (ہیٹی کریول سمیت)، عربی، ٹیگالوگ، جاپانی، البانوی اور کاؤنٹی میں LEP کے حامل افراد کی جانب سے بولی جانے والی چھ انتہائی مقبول عام زبانوں میں کریں۔ سافک کاؤنٹی ایگزیکٹیو آرڈر نمبر 10 برائے 2012 کاؤنٹی ایگزیکٹیو کی زیر نگرانی، براہ راست خدماتِ عامہ مہیا کرنے والی کاؤنٹی کی ایجنسیوں سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ اشد ضروری دستاویزات کا کاؤنٹی میں LEP کے حامل افراد کی جانب سے بولی جانے والی چھ مقبول عام غیر انگریزی زبانوں میں ترجمہ مہیا کریں۔ یہ ایگزیکٹیو آرڈر 2018 میں قانون کی شکل اختیار کر گیا جب سافک کاؤنٹی کی مقننہ نے سافک کاؤنٹی کا مقامی قانون 16، سافک کاؤنٹی منظور کیا۔ ایڈمن۔ مقامی قوانین، باب 143۔ نساؤ کاؤنٹی ایگزیکٹیو آرڈر نمبر 67 برائے 2013 دیگر معاملات کے ساتھ اس امر کا متقاضی ہے کہ براہ راست خدماتِ عامہ مہیا کرنے والے کاؤنٹی کے محکمہ جات اشد ضروری دستاویزات کا کاؤنٹی میں LEP کے حامل افراد کی جانب سے بولی جانے والی چھ مقبول عام غیر انگریزی زبانوں میں ترجمہ مہیا کریں۔

25 N.Y.C. ایڈمن۔ Code §§ 21-332(b)(2), 23-1102۔

26 ACA کسی بھی فرد کو، یا تو وفاقی ایگزیکٹیو ایجنسی کے ذریعے چلائے جانے والے یا وفاقی مالی امداد موصول کرنے والے صحت کے پروگرام یا سرگرمی میں شرکت سے روکنے، فوائد سے محروم کرنے، یا امتیازی سلوک روا رکھنے سے منع کرتا ہے۔ 42 U.S.C. § 18116(a)۔ LEP کے حامل افراد جب اہل صحت کے پروگراموں یا سرگرمیوں، بشمول Medicare اور Medicaid تک رسائی حاصل کرنا چاہ رہے ہوں تو وہ ترجمے کی خدمات سمیت زبان کی سہولت کی مفت، درست اور فوری خدمات تک رسائی کے مستحق ہیں۔ 45 C.F.R. § 92.201(a)–(b)۔ اگر صحت کے اہل پروگرام یا سرگرمی کا انتظام کرنے والا ایک ادارہ LEP کے حامل افراد کو ترجمے کی سہولت دینے کے لیے مشینی ترجمہ استعمال کرتا ہے، تو ایسے مشینی ترجمے کا انسانی مترجم کے ذریعے جائزہ لینا ضروری ہو گا، بشرطیکہ "وہ دستاویز انگریزی کی محدود مہارت کے حامل فرد کے حقوق، فوائد، یا بامعنی رسائی کے لیے اہم ہو، جب درستگی انتہائی ضروری ہو، یا جب اصل دستاویزات یا مواد پیچیدہ، مبہم، یا تکنیکی زبان پر مشتمل ہوں۔" Id. § 92.201(c)(3)۔

سماعت سے محروم اور اونچا سننے والے افراد کو بھی، جہاں ضروری ہو، معاون آلات و خدمات فراہم کی جانی چاہیئیں تاکہ وہ افراد صحت کے کسی پروگرام یا سرگرمی میں شرکت کر سکیں اور اس کے فوائد سے مستفید ہو سکیں۔ یہ معاونتیں بلامعاوضہ، رسائی پذیر فارمیٹس اور بروقت مہیا کی جانا لازم ہیں۔ Id. § 92.202(b)۔

27 فوڈ اسٹیمپ ایکٹ (FSA) کے تحت SNAP چلانے والی ہر ایک ریاستی ایجنسی، بشمول کاؤنٹی سطح کے مقامی دفاتر جو ریاست کی جانب سے یہ پروگرام چلاتے ہیں، پر یہ لازم ہے کہ وہ اُن علاقوں میں جہاں کم آمدنی والے ایسے گھرانوں کی بڑی تعداد ہو جو انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولتے ہوں، پروگرام کے انتظام و انصرام کے لیے مناسب دولسانی مطبوعہ مواد استعمال کریں۔ 7 U.S.C. § 2020(e)(1)(B)۔

جان آر لیوس کا ایکٹ برائے ووٹ ڈالنے کے حقوق از نیو یارک (,Voting Rights Act of New York
NYVRA)، "الیکشنز کے انتظام و انصرام کے ذمہ دار یعنی بورڈ برائے الیکشنز یا سیاسی سب ڈویژن" [مثلاً کاونٹی، شہر، قصبہ، گاؤں یا اسکول ڈسٹرکٹ] سے متقاضی ہے کہ اگر کسی سیاسی سب ڈویژن میں لسانی اقلیتی گروہ کے LEP کے حامل افراد کی تعداد اور آبادی کا تناسب مقررہ حدوں تک پہنچ جائے، تو اس پر لازم ہے کہ وہ اس لسانی اقلیتی گروہ کو "زبان کی سہولت سے متعلق معاونت" فراہم کرے۔ .N.Y Elec. Law §
17-208(1)۔ "لسانی اقلیتی گروہ" سے مراد "ایسے افراد ہیں جو امریکی انڈین، ایشیائی نژاد امریکی، الاسکائی مقامی باشندے یا ہسپانوی ورثے سے تعلق رکھتے ہیں۔" Id. § 17-204(5-a)۔ NYVRA میں بیان کردہ "زبان کی سہولت سے متعلقہ معاونت" میں "رجسٹریشن یا ووٹ ڈالنے کے نوٹس، فارمز، ہدایات، امداد، یا دیگر مواد یا انتخابی عمل، اور بیلٹس سے متعلقہ معلومات کے ترجمے شامل ہیں۔" Id. § 17-208(2)۔
آپ ریاست نیو یارک بورڈ برائے الیکشنز کی ان سیاسی سب ڈویژنز کی فہرست، جن کو ہسپانوی زبان میں معاونت فراہم کرنا ضروری ہے، اور ان کاؤنٹیز کی فہرست، جن کو دیگر زبانوں میں معاونت فراہم کرنا ضروری ہے، کو ریاست نیو یارک بورڈ برائے الیکشنز کی ویب سائٹ پر تلاش کر سکتے ہیں (https://elections.ny.gov/john-r-lewis-voting-rights-act-new-york)۔

